آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL Quetta شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز جمعۃ المبارک 07 اکتوبر 2022ء بمطابق 10 ربیع الاول 1444ھ | شمارہ نمبر 235

آڈیو لیکس ڈیوائس کے رکھے جانے کے زیادہ امکانات ہیں، وزیر داخلہ

صدر مملکت کو چاہیے تھا جب ریاست کے سب سے بڑے عہدے پر بیٹھے ہیں ان کو اپنا رویہ اس کے مطابق رکھنا چاہیے جو انہوں نے اپنایا جس کی وجہ ہمیں احتجاج کرنا پڑا

مجھے نہیں معلوم صدر مملکت نے فی البدیہہ تقریر کی ہے یا گورنمنٹ کی طرف سے دی گئی ہے لیکن روایت یہی کہتے ہیں صدر مملکت وہی تقریر کرتے ہیں جو گورنمنٹ سے منظور ہوتی ہے

جن لوگوں پر شبہ ہے ان کی نگرانی کی جا رہی ہے، جلد نتیجے پر پہنچ جائیں گے، ابھی تک اسلام آباد میں کوئی راستہ بند نہیں کیا، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے آڈیو لیکس معاملے پر کہا ہے کہ ڈیوائس کے رکھے جانے کے زیادہ امکانات ہیں، ابتدائی رپورٹ وزیر اعظم کو پیش کر دی ہے، جن لوگوں پر شبہ ہے ان کی نگرانی کی جا رہی ہے، جلد نتیجے پر پہنچ جائیں گے، ابھی تک اسلام آباد میں کوئی راستہ بند نہیں کیا، صدر کے رویہ کے خلاف بطور احتجاج کوئی آیا نہیں اور کوئی آ کر چلا گیا ہے۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کے دوران صدر مملکت عارف علوی کے خطاب کے دوران بائیکاٹ کے حوالے سے سوال پر وزیر داخلہ نے کہا کہ احتجاج کی کئی وجوہات ہیں ان میں ایک وجہ صدر مملکت بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ واشنگٹن میں امریکی وزیر دفاع لیوڈ آسٹن سے ملاقات کر رہے ہیں

خدا کی قسم عمران خان فراڈیا ہے سازش کا تانا بانا مل چکا ہے، وزیر اعظم

پانچ ماہ سازش کے بیانیے پر قوم کو کنفیوژ کیا گیا، سازش کا تانا بانا عمران خان سے مل چکا ہے، سائفر کا سازش سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں، خدا کی قسم عمران خان فراڈیا ہے

سیلاب متاثرین کی مدد کے بجائے پتھر دل انسان نے رخنہ ڈالا، مریم نواز کو عدالت عالیہ نے کلین چٹ دی ہے، 4 سال کے بعد اتنی تکالیف برداشت کیں

عمران خان ریٹائرڈ ججوں کے ذریعے سزائیں دلانے کا آرڈیننس لایا تھا، آرمی چیف کی تعیناتی آئین اور قانون کے مطابق ہوگا، شہباز شریف کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے حالیہ ہفتوں میں سامنے آنے والے آڈیو لیکس پر چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کے الزامات مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر مجھے کسی اور کی آڈیو لیک کرنی ہوتی تو میں اپنی آڈیو لیک کیوں کرتا؟، پانچ ماہ سازش کے بیانیے پر قوم کو کنفیوژ کیا گیا سازش کا تانا بانا عمران خان سے مل چکا ہے، سائفر کا سازش سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں، خدا کی قسم عمران خان فراڈیا ہے، سیلاب متاثرین کی مدد کے بجائے پتھر دل انسان نے رخنہ ڈالا، مریم نواز کو عدالت عالیہ نے کلین چٹ دی ہے، 4 سال کے بعد اتنی تکالیف برداشت کیں، دعا قوم کی کوئی بیٹی کو اس طرح کے بدترین حالات کا سامنا نہ کرنا پڑے، عمران خان نے اپنی بہن علیمہ خان کو این آر او دیا، عمران خان ریٹائرڈ ججوں کے ذریعے سزائیں دلانے بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف سے مسلم ورلڈ لیگ کے سیکرٹری جنرل شیخ ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسیٰ ملاقات کر رہے ہیں

آلودگی پھیلانے والے ممالک سے ماحولیاتی انصاف چاہتے ہیں، وزیر اعظم

مالی معاونت قرضوں کی صورت میں نہیں ہونی چاہیے، تباہ کن سیلاب کے بعد مدد کی بھیک نہیں مانگیں گے

عالمی برادری کو سیلاب زدگان کے لئے مزید بہتر اور بڑے منصوبے کے ساتھ آگے آنا چاہیے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے واضح کیا ہے کہ آلودگی پھیلانے والے ممالک سے ماحولیاتی انصاف چاہتے ہیں، مالی معاونت قرضوں کی صورت میں نہیں ہونی چاہیے، تباہ کن سیلاب کے بعد مدد کی بھیک نہیں مانگیں گے، عالمی برادری کو سیلاب زدگان کے لئے مزید بہتر اور بڑے منصوبے کے ساتھ آگے آنا چاہیے۔ وزیر اعظم میاں شہباز شریف نے برطانوی اخبار کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ مدد کی بھیک نہیں، آلودگی پھیلانے والے ممالک سے ماحولیاتی انصاف چاہتے ہیں، مالی بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان: مخلوط صوبے کے عوام کو باعزت روزگار کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے

بارڈر ٹریڈ کی بحالی ہو یا اساتذہ اور محکمہ مواصلات کے ملازمین کی مستقلی ہم نے اپنے تمام وعدے پورے کئے ہیں، میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت صوبے کے عوام کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لئے کوشاں ہے، بارڈر ٹریڈ کی بحالی ہو یا پھر اساتذہ اور محکمہ مواصلات کے ملازمین کی مستقلی حکومت نے اپنے تمام وعدے پورے کئے ہیں۔ یہ بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

پاکستانی آرمی چیف کی میزبانی پر خوشی ہوئی، امریکی وزیر دفاع

جنرل باجوہ سے دفاعی شراکت داری اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا، ٹویٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر دفاع لائیڈ آسٹن نے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے ملاقات کے بعد اپنے بیان میں کہا ہے کہ پاکستانی آرمی چیف کی میزبانی پر خوشی ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر لائیڈ آسٹن نے آرمی بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی آج وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف سے ملاقات کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی (آج) جمعہ کو وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف سے ملاقات کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف نے رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی کو (آج) جمعہ کو ملاقات کے لئے طلب کیا ہے، ملاقات میں رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی اپنے حلقہ گوادر لسبیلہ اور حب کے مسائل بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

سیاسی تقسیم کو ختم کرنے کیلئے سب سے بہترین حل منصفانہ اور شفاف انتخابات کا انعقاد ہے، صدر مملکت

قوم کو ہیجانی کیفیت سے نکالنے کیلئے سیاستدان آپس میں بیٹھ کر الیکشن کی تاریخ طے کر لیں، ڈاکٹر عارف علوی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ سیاسی تقسیم کو ختم کرنے کیلئے سب سے بہترین حل منصفانہ اور شفاف انتخابات کا انعقاد ہے، قوم کو ہیجانی کیفیت سے نکالنے کیلئے سیاستدان آپس میں بیٹھ کر الیکشن کی تاریخ طے کر لیں، قومی امکان بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان بار کونسل کے زیر اہتمام بین الصوبائی وکلاء نمائندگان کانفرنس 8 اکتوبر کو کوئٹہ میں طلب کر لی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بار کونسل کے زیر اہتمام بین الصوبائی وکلاء نمائندگان کانفرنس آٹھ اکتوبر کو کوئٹہ میں طلب کر لی گئی۔ اجلاس میں ممبر جوڈیشل کمیشن آف پاکستان اختر حسین ایڈووکیٹ بار کونسل کے وائس چیئرمین سید جعفر طیار چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فاروق نصیر پشتونخواہ کے وائس چیئرمین محمد علی جدون چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

کراچی: وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ نے 8 اکتوبر کو اجلاس طلب کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ نے پی پی بلوچستان کے صوبائی بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں وبائی امراض پھیلنے سے مختلف بیماریوں کے مزید 5429 کیسز رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں وبائی امراض پھیلنے کا سلسلہ جاری مختلف بیماریوں کے مزید 5429 کیسز بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے میر نوید کلمتی کی ملاقات

گوادر (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے میر نوید کلمتی کی بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

حب میں ٹریفک حادثہ 1 شخص جاں بحق 6 افراد زخمی

اوتھل (این این آئی) حب میں ٹریفک حادثہ 1 شخص جاں بحق 6 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کی سردار ایاز صادق سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور سردار ایاز صادق نے پاکستان میں امریکہ کے سفیر مسٹر ڈونلڈ بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

54 فیصد پاکستانی سیلاب متاثرین کی بحالی میں بھرپور مدد کیلئے تیار

اسلام آباد (این این آئی) 54 فیصد پاکستانیوں نے سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے بھرپور امداد دینے کے ارادے کا اظہار کیا بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

دالبندین ریلوے سیکشن سے پاک ایران ریلوے ٹریک پر ٹرینوں کی آمد و رفت شروع

دالبندین (این این آئی) دالبندین ریلوے سیکشن کی بحالی کے بعد پاک ایران ریلوے ٹریک پر 2 ماہ بعد ٹرینوں کی بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں کورونا کے 48 کیسز رپورٹ، 38 کی حالت تشویشناک

اسلام آباد (این این آئی) قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) نے کہا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

سیلابی صورتحال کا تقاضہ ہے الیکشن کو مزید آگے نہ بڑھایا جائے، بلاول بھٹو

یہ نہیں ہو سکتا کہ 2 پاکستان ہوں، یہ نہیں ہو سکتا کہ ایک پاکستان میں سیاسی گیم ہوتا رہے، ایک ملک ہے تو مل کر مقابلہ کرنا پڑے گا

ہم بھیک نہیں انصاف کا مطالبہ کر رہے ہیں، خان صاحب کے دور میں دوست ممالک سے تعلقات کو نقصان پہنچا، چیئرمین پی پی کی پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے ایک تہائی پاکستان سیلاب میں ڈوبا ہوا ہے، اس صورتحال کا تقاضہ ہے کہ الیکشن کو مزید آگے کیا جائے، سیاسی جماعتوں سے درخواست ہے کہ پانی کا بٹن دبا دیں، ہمیں سیلاب متاثرین کی مدد کرنی ہے، یہ نہیں ہو سکتا کہ 2 پاکستان ہوں، یہ نہیں ہو سکتا کہ ایک پاکستان میں سیاسی گیم ہوتا رہے، ایک ملک ہے تو مل کر مقابلہ کرنا پڑے گا، امیر ممالک نے امیر بننے کے لیے پاکستان پر بوجھ ڈالا جو موسمیاتی تبدیلیاں لے آئے، دنیا کے سامنے سیلاب متاثرین کا مقدمہ پیش کیا ہے، ہم بھیک نہیں انصاف کا مطالبہ کر رہے ہیں، اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

عبدالقدوس بزنجو سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی میں پوری طرح سے مصروف عمل ہیں، ملک خدا بخش رانجو

سیلابی بارشوں نے بلوچستان کے 90 فیصد رقبے کو متاثر کیا ہے، پولیٹیکل سیکرٹری وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کے پولیٹیکل سیکرٹری ملک خدا بخش رانجو نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان صوبے میں گورننس کی بہتری کے لیے نہ صرف حکومت میں شامل اتحادیوں بلکہ حزب اختلاف کو بھی خوش اسلوبی کے ساتھ لے کر چل رہے ہیں انہوں نے بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کوئٹہ شہر سمیت مختلف اضلاع میں کارروائیاں جاری

مزید 20 کھانے پینے کے مراکز پر جرمانے عائد کر دیئے گئے

ژوب، اوستہ محمد، کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی صحت دشمن عناصر کے خلاف کوئٹہ شہر سمیت مختلف اضلاع میں جاری کارروائیوں کے دوران مزید 20 کھانے پینے کے مراکز پر جرمانے عائد کر دیئے گئے۔ عوامی شکایات پر بی ایف اے ڈویژنل فوڈ سیفٹی ٹیم (نصیر آباد) کی جانب سے اوستہ محمد میں مراکز کی انسپیکشن مسلسل دوسرے روز بھی جاری رہی۔ ڈویژنل ڈائریکٹر (نصیر آباد) اعداد علی کی قیادت میں اوستہ محمد میں قائم مختلف ہوٹلوں، بیکرز اور ملک شاپس کی انسپیکشن کی گئی، دوران انسپیکشن صفائی و ورکرز کی ذاتی صفائی کی خراب حالت سمیت مختلف وجوہات پر 2 بیکرز اور 2 ہوٹلوں کو جرمانہ کیا بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد خان جمالی سے سردار اورنگزیب کھیتران ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کی سرزمین قیمتی معدنیات اور بہترین پھل پیدا کرتی ہے، جان محمد جمالی

اگر ہمارا معاشرہ ذہین اور دوراندیش انسان بھی پیدا کرنا شروع کر دیں تو ہمیں ترقی کی نئی منازل طے کرنے سے کوئی بھی نہیں روک سکتا

صوبہ میں ان کے طلباء نے نمایاں پوزیشنز حاصل کیے جس کا کریڈٹ پرنسپل بی آر سی ژوب اور ان کی پوری ٹیم کو جاتا ہے، قائمقام گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے کہا ہے کہ کسی بھی معاشرے کیلئے انسانی وسائل کی ترقی کلیدی اہمیت رکھتی ہے۔ بلوچستان کی سرزمین قیمتی معدنیات اور بہترین پھل پیدا کرتی ہے۔ اگر ہمارا معاشرہ ذہین اور دوراندیش انسان بھی پیدا کرنا شروع کر دیں تو ہمیں ترقی کی نئی منازل طے کرنے سے کوئی بھی نہیں روک سکتا۔ انہوں نے صوبے بھر میں ایف ایس سی اور میٹرک کے امتحانات میں پوزیشن لینے والے بلوچستان ریزیڈنشل کالج کے طلباء پر زور دیا کہ وہ مزید محنت کریں اور اپنے ملک و صوبے کا نام روشن کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بی آر سی کالج ژوب کے پرنسپل پروفیسر محمد اقبال حسن کی قیادت میں پوزیشن ہولڈرز وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ پوزیشن ہولڈرز میں محمد کامل خان، محمد زاہد خان اور عبدالغفور شامل ہیں۔ اس موقع پر قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے کہا کہ یہ بات لائق تحسین ہے کہ بلوچستان ریزیڈنشل کالج ژوب نے نہایت قلیل مدت میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کیا بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

عدالتوں کی ساکھ بری طرح متاثر کی جا رہی ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

حکومت و اپوزیشن کے لوگ اپنی ناکامی، بدعنوانی اور نااہلی کو چھپانے کے لیے نورا کشتی کر رہے ہیں

سیلاب متاثرین بحالی کے لیے شفاف اور اصول و میرٹ پر امداد کے منتظر ہیں، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ وفاقی و صوبائی حکومتیں عوامی مسائل کو حل، سیلاب متاثرین کی پریشانیوں کو حل کرنے سے کوئی سروکار نہیں ایک اسٹیشن دوسرے مقدمات ختم کرنے اور کچھ وزاتوں کیلئے مصروف عمل ہیں اور پھر اپنی باری آنے کی تیاریاں کر رہے ہیں عوام انشاء اللہ آئندہ الیکشن کو مسترد کر کے دیانت داروں کا ساتھ دیں گے حکومت و اپوزیشن کے لوگ اپنی ناکامی، بدعنوانی اور نااہلی کو چھپانے کے لیے نورا کشتی کر رہے بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

لسبیلہ کے علاقے میں پتھر گلنے سے مزدور جاں بحق

اوتھل (این این آئی) ضلع لسبیلہ کے علاقے بھوانی کے قریب ماربل سٹی کمپنی میں کام کے دوران سنگ مرمر کا بھاری پتھر سر پر گرنے سے ایک مزدور جاں بحق، تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ کے علاقے بھوانی کے قریب گڈانی ماربل سٹی کمپنی میں کام کے دوران سنگ مرمر کا وزنی پتھر سر پر گرنے سے ایک مزدور وحید طیفا عمر 35 سال موقع پر ہی بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

تعمیر نو اور بحالی کے پلان کو مزید جامع اور مربوط بنایا جائے، اقبال احسن

سیلاب زدہ علاقوں میں نقصانات اور ضروریات کے تخمینے کے اعداد و شمار کو مردم شماری کے ڈیٹا سے مربوط کیا جائے

فورم کی جانب سے سیلاب زدہ علاقوں میں سیاحت کو پہنچنے والے نقصان کے تخمینے کی بھی ہدایت کی گئی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے ہدایت کی ہے کہ تعمیر نو اور بحالی کے پلان کو مزید جامع اور مربوط بنایا جائے۔ بندی و ترقی ڈپٹی چیئرمین احسن اقبال کی زیر صدارت این ایف آر سی کا اجلاس ہوا جس میں سیلاب کے بعد بحالی و تعمیر نو کے مختصر اور طویل المدتی منصوبوں کے پلان پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں قدرتی آفات کے بعد متاثرہ علاقوں میں اعداد و شمار اکٹھا کرنے کے میکنزم کے حوالے سے بھی غور کیا گیا۔ ڈپٹی چیئرمین احسن اقبال نے ہدایت کی کہ تعمیر نو اور بحالی کے پلان کو مزید جامع اور مربوط بنایا جائے۔ این ایف آر سی نے کہا کہ بحالی و تعمیر نو کے منصوبوں کو مستقل بنیادوں پر فالو اپ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب زدہ علاقوں میں نقصانات اور ضروریات کے تخمینے کے اعداد و شمار کو مردم شماری کے ڈیٹا سے مربوط کیا جائے۔ اجلاس میں فورم کی جانب سے دریاؤں کے قریب فشریز فارمز کو پہنچنے والے نقصانات کا تخمینہ لگانے کی ہدایت کی بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

عمران خان لانگ مارچ کا شوق پورا کر لیں، اگر قانون کو ہاتھ میں لیا تو سختی سے نمٹیں گے، حافظ حمد اللہ

آرمی چیف کی تعیناتی وقت کا وزیر اعظم کرے گا، الیکشن اگلے سال اکتوبر میں ہی ہوں گے

آرمی چیف کی تعیناتی کا اختیار آئین ہے مطابق وقت کے وزیر اعظم کو ہوتا ہے، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پی ڈی ایم کے ترجمان حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ عمران خان لانگ مارچ کا شوق پورا کر لیں، اگر قانون کو ہاتھ میں لیا تو سختی سے نمٹیں گے، اگر نواز شریف گرفتار ہو سکتے ہیں تو عمران خان بھی گرفتار ہو سکتے ہیں، آرمی چیف کی تعیناتی وقت کا وزیر اعظم کرے گا، الیکشن اگلے سال اکتوبر میں ہی ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایجوکیشن یونیورسٹی ٹان شپ میں سیرت النبی کانفرنس میں شرکت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم نے اپنی بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

پارلیمنٹ مقدس ادارہ ہے اس کی مزید بے حرمتی برداشت نہیں کی جائے گی، شازیہ مری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اور ترجمان پیپلز پارٹی پارلیمنٹرینز شازیہ مری نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ مقدس ادارہ ہے اس کی مزید بے حرمتی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان نے جمہوریت کو بے توقیر اور ہر ادارے کو تماشا بنایا ہے، عمران خان کی فارن منڈیڈ فنڈنگ ملک میں بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

آرمی چیف کے بیان کے بعد افواہیں ختم اور فوری الیکشن ہونے چاہئیں، شیخ رشید

بیلٹ کے مقابلے میں بلٹ کا استعمال سارے ملک میں سیاسی آگ لگا دیگا

تباہ حال معیشت خطرناک بحران میں داخل ہو جائے گی، کنٹینر راستے نہیں روک سکتے، سابق وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر داخلہ اور عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ کے بیان کے بعد افواہیں ختم اور فوری الیکشن ہونے چاہئیں۔ اپنے بیان میں شیخ رشید احمد نے کہا کہ بیلٹ کے مقابلے میں بلٹ کا استعمال سارے ملک میں سیاسی آگ لگا دیگا اور تباہ حال معیشت خطرناک بحران میں داخل ہو جائے گی، کنٹینر راستے نہیں روک سکتے۔ شیخ رشید نے کہا کہ فوج بلائے اور آرٹیکل 245 لگائے کا خواب دیکھنا چھوڑ دیں، عظیم فوج کبھی اپنے لوگوں پر گولی نہیں چلائے گی، مذاکرات کی میز پر لائے گی اور صاف شفاف الیکشن کرائے گی۔ شیخ رشید نے پاکستان تحریک انصاف کے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کے تناظر میں کہا کہ حکومت اسلام آباد کے 25 لاکھ لوگوں کو قلعہ بند کرے گی تو اسلام آباد کے اندر سے بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

پاکستانی مہاجرین کو یورپی یونین میں داخلے سے روک دیا گیا

پولیس کئی تارکین وطن کو مہاجرین مراکز لے گئی، مزید کارروائی کیلئے پراسیکیوٹر دفتر کے حوالے

بلغراد (این این آئی) سربیا کی پولیس نے 200 تارکین وطن کو شمالی ملک ہنگری میں داخل ہونے سے روک دیا اور ان سے برآمد ہونے والے ہتھیار اور رقم ضبط کر لی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق سربیا کی وزارت داخلہ کا کہنا ہے کہ حالیہ مہینوں میں سربیا اور بلقان کی دیگر ریاستوں سے یورپی یونین میں سفر کرنے والے تارکین وطن اور پناہ گزینوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، کئی لوگ انسانی اسمگلنگ کے نیٹ ورک میں بھی ملوث پائے گئے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ شام، افغانستان بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

جیکب آباد: گاؤں محمد عیسیٰ ماچھی میں سیلابی پانی دریا کا منظر پیش کر رہا ہے

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کوئٹہ شہر سمیت مختلف اضلاع میں کارروائیاں جاری

مزید 20 کھانے پینے کے مراکز پر جرمانے عائد کر دیئے گئے

ژوب، اوستہ محمد، کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی صحت دشمن عناصر کے خلاف کوئٹہ شہر سمیت مختلف اضلاع میں جاری کارروائیوں کے دوران مزید 20 کھانے پینے کے مراکز پر جرمانے عائد کر دیئے گئے۔ عوامی شکایات پر بی ایف اے ڈویژنل فوڈ سیفٹی ٹیم (نصیر آباد) کی جانب سے اوستہ محمد میں مراکز کی انسپیکشن مسلسل دوسرے روز بھی جاری رہی۔ ڈویژنل ڈائریکٹر (نصیر آباد) اعداد علی کی قیادت میں اوستہ محمد میں قائم مختلف ہوٹلوں، بیکرز اور ملک شاپس کی انسپیکشن کی گئی، دوران انسپیکشن صفائی و ورکرز کی ذاتی صفائی کی خراب حالت سمیت مختلف وجوہات پر 2 بیکرز اور 2 ہوٹلوں کو جرمانہ کیا بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

جن پی ٹی آئی ارکان کے استعفے منظور نہیں ہوئے وہ پارلیمنٹ میں بیٹھیں، جسٹس اطہر من اللہ

کیا یہ مستعفی ارکان واقعی پارلیمنٹ میں جا کر عوام کی خدمت کرنا چاہتے ہیں؟، ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس اطہر من اللہ نے پی ٹی آئی ارکان کے استعفوں سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیئے ہیں کہ عوام نے بھروسہ کر کے نمائندوں کو پارلیمنٹ بھجوایا ہے جن کے استعفے منظور نہیں ہوئے وہ تو پارلیمنٹ جا کر بیٹھیں، یہ عدالت اسپیکر قومی اسمبلی کو ہدایات جاری نہیں کر سکتی، عدالت نے شکور شاد کیس میں بھی صرف نظر ثانی کا کہا ہے، یہ سیاسی تنازعات ہیں، سیاسی جھگڑے دور کرنے کی جگہ پارلیمنٹ ہے، آپ کو دیگر ان مسائل بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

میرے کیس میں اپنی مرضی سے باتوں کو رنگ دیا گیا، شہباز گل

جیل ریفارمز ضرور ہونی چاہئیں جو سیاستدانوں نے ہی کرنے ہیں، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز گل نے کہا ہے کہ ان کے کیس میں اپنی مرضی سے باتوں کو رنگ دیا گیا۔ اسلام آباد کے ایڈیشنل سیشن جج نے شہباز گل کے خلاف بغاوت پر اکسانے کے مقدمے کی سماعت کی جس سلسلے میں پی ٹی آئی رہنما عدالت میں پیش ہوئے۔ شہباز گل نے روسٹرم پر آ کر بتایا کہ مجھے رات دیر سے کیس کا معلوم ہوا جس کے بعد ساڑھے تین بجے لاہور سے نکلا۔ پی ٹی آئی رہنما نے عدالت میں کہا کہ میری چیک، ممبر شپ کارڈ اور دیگر سامان درکار بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

حنا ربانی کھر سے کویت کے سفیر کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خارجہ امور حنا ربانی کھر نے کویت کے سفیر ناصر عبدالرحمن الطھیری نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے دو طرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان میں متاثرین سیلاب کیلئے امداد کی فراہمی پر وزیر مملکت نے کویتی سفیر سے اظہار تشکر کیا۔

اسمبلی میں کسی صورت واپس نہیں جائیں گے، عمران خان

سائفر کو پھر زندہ کرنے پر حکومت کا مشکور ہوں، سائفر میں واضح لکھا ہے کہ عمران خان کو ہٹایا جائے

لانگ مارچ کیلئے پوری تیاری کے ساتھ آ رہے ہیں، پہلے ہمیں پتا نہیں تھا ہمارے ساتھ کیا سلوک ہوگا، اب اندازہ ہے، سابق وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ اسمبلی میں کسی صورت واپس نہیں جائیں گے ہم نے پہلے دن سے کہا تھا ہماری حکومت جمہوری نہیں بلکہ کرمنل ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ سائفر کو پھر زندہ کرنے پر حکومت کا مشکور ہوں، سائفر میں واضح لکھا ہے کہ عمران خان کو ہٹایا جائے، سائفر سے فائدہ اٹھانے والے اس کی تحقیقات کیسے کر سکتے ہیں؟ توشہ خانہ کے معاملے پر انہوں اس سے حکومت کو تحقیقات کا چیلنج دے دیا اور کہا کہ چیلنج کرتا ہوں کہ توشہ خانہ کیس کی کھلی سماعت کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم عام انتخابات کی طرف جائیں گے، عبوری الیکشن بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

زندگی بھر کیلئے کسی کو نااہل کرنا اتنا آسان نہیں، چیف جسٹس

سپریم کورٹ اپنے فیصلوں میں آرٹیکل 62 ون ایف کے اطلاق کا معیار مقرر کر چکی ہے

عدالتی ڈیکلریشن کا مطلب ہے شواہد ریکارڈ کیے جائیں،، چیف جسٹس عمر عطاء بندیال کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں پاکستان تحریک انصاف کے سابق سینیٹر فیصل واڈا تاحیات نااہلی کیخلاف درخواست کی سماعت کے دوران چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے ریمارکس دیئے ہیں کہ زندگی بھر کیلئے کسی کو نااہل کرنا اتنا آسان نہیں، عدالتی ڈیکلریشن کا مطلب ہے شواہد ریکارڈ کیے جائیں، سپریم کورٹ اپنے فیصلوں میں آرٹیکل 62 ون ایف کے اطلاق کا معیار مقرر کر چکی ہے۔ چیف جسٹس پاکستان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے تین رکنی بنچ نے پی ٹی آئی کے رہنما فیصل واڈا کی تاحیات نااہلی کے خلاف درخواست پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران دلائل دیتے ہوئے وکیل فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ فیصل واڈا کا سارا جھگڑا سینیٹ کی نشست کا ہے۔ فیصل واڈا کے وک

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نجی نظریہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

07 اکتوبر 2022ء

پاکستان میں صحت عامہ کی صورتحال تباہی کے دہانے پر ہے

ڈائریکٹر جنرل عالمی ادارہ صحت ڈاکٹر ٹیڈروس ادھانوم گیبریئس نے متنبہ کیا ہے کہ پاکستان میں صحت عامہ کی صورتحال تباہی کے دہانے پر ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ نے پاکستان میں سیلاب متاثرین کے لیے ابتدائی طور پر 16 کروڑ ڈالر امداد کی اپیل کی تھی تاہم بڑھتی ہوئی آبی بیماریوں اور تباہی کے اثرات کے پیش نظر عالمی ادارے نے امداد میں 5 گنا اضافہ کرتے ہوئے 81 کروڑ 60 لاکھ ڈالر امداد کی اپیل کی ہے۔ اس حوالے سے جنیوا میں اقوام متحدہ اور پاکستان کی سیلاب متاثرین کی امداد کے لیے فلیش اپیل کی تقریب منعقد کی گئی جس سے وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی شیری رحمن نے خطاب کیا اور سیلاب کے سبب پاکستان کو پہنچنے والے نقصانات کے اعداد وشمار سے آگاہ کیا۔ ڈاکٹر ٹیڈروس ادھانوم گیبریئس نے اجلاس کو بتایا کہ پاکستان میں صحت عامہ کی صورتحال تباہی کے دہانے پر ہے۔ پانی کی سطح بلند ہونے کا سلسلہ رک گیا ہے لیکن خطرہ کم نہیں ہوا، صحت عامہ کی صورتحال تباہی کے دہانے پر ہے، اگر ہم پاکستان کے لیے زیادہ سے زیادہ امداد کا انتظام نہیں کرتے ہیں تو سیلاب کے سبب جاں بحق ہونے والوں سے کہیں زیادہ جانیں آنے والے ہفتوں میں ضائع ہو سکتی ہیں۔

لیکس ہنگامہ اور ایک لوہار کی (آخری قسط)

آڈیو لیکس پر سنجیدہ بلکہ از حد سنجیدہ بات وزیر اعظم شہباز شریف نے کی ہے۔ پریس کانفرنس میں کہا کہ وزیر اعظم ہاؤس میں اس طرح ریکارڈنگ اور ٹیپنگ کی خبریں باہر جائیں گی تو باہر سے کون پھر وزیر اعظم ہاؤس آئے گا۔ یعنی اسے بھی ڈر ہو گا کہ اس کی وزیر اعظم ہاؤس میں نقل وحرکت اور کہا سنا سب ریکارڈ ہوگا۔

بڑا سنجیدہ اور تشویش ناک نکتہ ہے لیکن شہباز شریف نے کس طرف اشارہ کیا ہے؟۔ اس سوال کا جواب اگر کوئی دے سکتا ہے تو وہ خود عمران خان ہیں جنہوں نے ایک سے زیادہ بار یہ بتایا ہے کہ انہیں پتہ ہے کہ اگلی آڈیو کس کی آئے گی اور انہیں یہ بھی پتہ ہے کہ اس میں کیا کچھ کہا گیا ہے۔ مطلب نیٹ ورک ان کی دسترس میں ہے (یا وہ نیٹ ورک کی دسترس میں ہیں؟)۔ حکومت نے تحقیقات کے لیے کمیٹی بنادی ہے۔ خان صاحب کے اس مذکورہ بالا انکشاف کے بعد اس کی ضرورت نہیں تھی۔ خان صاحب کو بلا کر نیٹ ورک تک آسانی سے پہنچا جا سکتا ہے۔ کہاں بلا کر، یہ مت پوچھئے۔

ایک ٹی وی پروگرام میں انکشاف کیا گیا ہے (یا الزام لگایا گیا ہے) کہ عمران خان نے اپنے دور حکومت میں آئی پی کو کمزور کیا اور اس کی صلاحیتیں ختم کر کے رکھ دیں۔ کیوں؟۔ اس لیے کہ "نیٹ ورک" آسانی سے اپنا کام کر سکے جو اس نے کیا۔ خان صاحب کی "دوراندیشی" کی داد دینی چاہیے۔ عمران خان نے کہا ہے کہ اسحاق ڈار چور اور ڈاکو ہیں۔ عدالتوں نے اس کا راستہ نہیں روکا، میں روک کر دکھاؤں گا۔

کس عدالت نے اسحاق ڈار کو چور اور ڈاکو قرار دیا

عبداللہ طارق سہیل

ہے؟۔ لندن میں انٹرپول اور برطانوی اداروں نے انہیں منی لانڈرنگ کے تمام الزامات سے بری قرار دیا اور لندن وہ جگہ ہے جس کی عمران خان "مثالیت" کے حوالے سے مثالیں دیا کرتے ہیں۔ مشرف کے دور میں اسحاق ڈار کے اعترافی بیان کی بڑی شہرت ہوئی تھی۔ اس میں انہوں نے منی لانڈرنگ کا اعتراف کیا تھا لیکن یہ بیان عدالت میں نہیں، پولیس کے روبرو دیا گیا تھا۔ پولیس کو دیئے گئے بیان کی کوئی اہمیت نہیں ہوا کرتی، یہ بات خود عمران خان نے کہی تھی، شہباز گل والے ماجرے میں۔

خان صاحب اسحاق ڈار کا راستہ کیسے روکیں گے؟۔ اس سوال کا جواب زرتاج گل صاحبہ ہی دے سکتی ہیں جن کا بتانا ہے کہ خان صاحب دیوار کے اس پار بھی دیکھ لیتے ہیں۔

ویسے ڈار صاحب نے نہ صرف یہ کہ حلف اٹھالیا ہے بلکہ کام بھی شروع کر دیا ہے۔ خان صاحب کا ان کا راستہ روکنے کا اعلان 25 مئی والے دھرنے جیسا ہی لگتا ہے۔ تب خان صاحب نے فرمایا تھا کہ 25 کو اسلام آباد جاؤں گا اور وہاں سے حکومت کو گھر بھیج کر ہی لوٹوں گا۔ لیکن وہ تو ہوا کے جھونکے کی طرح آئے اور ہوا کے جھونکے ہی کی طرح چلے گئے اور "خوشخبری" کے منتظر انتظار کرتے ہی رہ گئے۔

سیاستدان "زمینی حقائق" کو سمجھ لیا کرتے ہیں اور پھر "سمجھوتہ" بھی کر لیا کرتے ہیں۔ خان صاحب کو بھی اب چھ مہینے بعد جا کر زمینی حقائق کی سمجھ آ گئی ہے اور وہ سمجھوتہ بھی کر چکے ہیں لیکن رسید نہیں دے رہے اور آخری کال کی دھمکی مسلسل دیئے چلے جا رہے ہیں۔ آخری کال کا نام بدل کر انہوں نے "آخری واردات" رکھ دیا ہے۔ کرک کے جلسے میں انہوں نے فرمایا، یہ میری آخری واردات ہو گی، خان صاحب، وہ واردات، واردات ہی کیا جس کا اعلان پہلے سے کر دیا جائے؟

سلطانیٔ جمہور کا آتا ہے زمانہ

ہم پاکستانی چونکہ جنگوں کی تاریخ کا مطالعہ "گناہ" سمجھتے ہیں اس لئے ان سے کوئی سبق نہیں لیتے۔ ہم خون خرابے سے بچنا چاہتے ہیں لیکن جنگ کے بغیر امن کا تصور ویسا ہی ہے جیسے غربت کے بغیر امارت اور بھوک کے بغیر سیر ہو کر کھانے کی لذت کا تصور.....!

ہم ریاست مدینہ کی خوشحالی اور فارغ البالی کا نظارہ تو پیٹتے رہتے ہیں لیکن یہ نہیں جانتے کہ یہ خوشحالی کیسے آئی تھی۔ غزوۂ بدر، غزوۂ احد، غزوۂ خندق اور غزوۂ طائف میں کتنے مسلمان شہید ہوئے تھے، کتنی خواتین بیوہ ہوئی تھیں اور کتنے بچے یتیم ہوئے تھے۔ ہم قرآن کی اُن سورتوں کو یاد نہیں کرتے کہ جو نازل ہی ان غزوات کے لئے ہوئی تھیں اور ان میں جو مضامین و موضوعات خداوند کریم نے کھول کھول کے بیان فرمائے تھے، ان کی تفصیلات کیا تھیں۔ یہ تمام باتیں ہم نے فراموش کر دیں اور اغیار نے پلّے باندھ لیں۔ ان اغیار سے کون لوگ مراد تھے وہ مسدس حالی کے اس شعر میں کیپسول کر دیئے گئے ہیں:

شریعت کے پیاں ہم نے جو توڑے
وہ لے جا کے سب اہل مغرب نے جوڑے

جو قارئین گزشتہ ایک صدی اور موجودہ ربع صدی میں ہونے والی جنگوں کا کچھ نہ کچھ شعور رکھتے ہیں وہ یہ جانتے ہوں گے کہ جنگ عظیم اول اور جنگ عظیم دوئم کے بیشتر معرکے یورپ میں لڑے گئے۔ شمالی افریقہ، برما اور جاپان میں چند لڑائیاں ضرور لڑی گئیں لیکن ان لڑائیوں کا سکیل ہر گز وہ نہیں تھا جو یورپی سرزمین پر لڑی گئی لڑائیوں کا تھا۔ لیکن دوسری عالمی جنگ کے بعد جو ہوا اس پر ہم نے کبھی غور نہیں کیا تھا۔ امریکہ اور یورپ نے ان جنگوں سے یہ سبق حاصل کیا کہ آئندہ کوئی جنگ (War) یا لڑائی (Battle) یورپی اور امریکی سرزمین پر نہیں لڑی جائے گی۔ امریکہ نے تو یہ فیصلہ اپنی جنگ آزادی کے بعد کر لیا تھا جو 1775ء میں لڑی گئی تھی اور اس میں اہل امریکہ نے اہل برطانیہ کو شکست دے کر اپنے ملک سے نکال دیا تھا۔ وہ دن اور آج کا دن امریکی سرزمین پر باہر سے کوئی چھوٹی بڑی لڑائی یا جنگ مسلط نہیں کی گئی۔ 1861ء سے 1865ء کے درمیانی چار برسوں میں امریکہ نے اپنی شمالی اور جنوبی ریاستوں کے مابین خونریز جنگ ضرور دیکھی لیکن وہ "خانہ جنگی" تھی۔ یعنی باہر سے کسی غیر امریکی قوم نے امریکہ پر حملہ نہیں کیا تھا بلکہ خود امریکیوں نے آپس میں لڑ کر فیصلہ کر لیا تھا کہ آئندہ ہم "ایک" ہو کر رہیں گے اور "نیک" ہو کر جئیں گے!

دونوں عظیم جنگیں زیادہ تر یورپی ممالک میں لڑی گئیں۔ امریکہ ان میں شامل ہوا لیکن اپنی سرزمین سے ہزاروں میل دور جا کر دشمن کا مقابلہ کیا اور اپنی رعایا کا بال بھی بیکا نہیں ہونے دیا۔ اس کے برعکس ان عالمی جنگوں میں کروڑوں یورپین سول اور فوجی مارے گئے۔ ذرا تاریخ اٹھا کر ان لڑائیوں کی تفصیل پڑھیں۔ اور جب یکم مئی 1945ء کو دوسری عالمی جنگ ختم ہوئی تو یورپین اقوام کو بھی ہوش آیا۔ انہوں نے تہیہ کیا کہ ہم بھی اپنی سرزمین پر اب کوئی جنگ نہیں لڑیں گے۔ چنانچہ NATO تشکیل دی گئی جس نے 1945ء سے لے کر آج تک جن جنگوں یا لڑائیوں میں حصہ لیا وہ سب کی سب یورپ سے باہر تھیں۔ یاد دہانی کے لئے لکھ رہا ہوں کہ دوسری عالمی جنگ کے بعد کوریا، ویت نام، اسرائیل، عرب، ارجنٹائن، افغانستان، عراق، شام اور لیبیا میں جو جنگیں لڑی گئیں ان میں ہزاروں لاکھوں امریکی اور یورپین سپاہی مارے گئے لیکن وہ سب امریکی

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

اور یورپی سرزمینوں سے دور، بہت دور مارے گئے۔ 1945ء سے لے کر آج تک 77 برس ہو چکے ہیں۔ ان برسوں میں امریکہ یا یورپ میں خون کا ایک قطرہ بھی نہیں بہایا گیا۔ (سربیا کی جنگ ایک تو بہت محدود علاقے میں تھی اور دوسری صرف دو اقوام کے درمیان تھی اس لئے ان کا ہونا، نہ ہونا برابر تھا اور اس لئے میں اس محدود جنگ کو یا آذربائیجان/آرمینیا کی جنگ کو جنگ نہیں صرف ایک چھوٹی اور محدود سی جھڑپ قرار دیتا ہوں)

اور 8 ماہ قبل فروری 2022ء میں جو جنگ یوکرائن اور روس کے درمیان شروع ہوئی تھی اس کا دائرہ بھی نہایت محدود ہے۔ اس جنگ (یا جیسا کہ روس کہتا ہے، "سپیشل آپریشن") میں امریکہ اور ناٹو فورسز کا کچھ نہیں بگڑا۔ کوئی امریکی یا یورپی سپاہی یا افسر یوکرائن کی جنگ میں ہلاک نہیں ہوا۔ صرف روسی اور یوکرائنی فوجی ہی مارے جا رہے ہیں یا زخمی ہو رہے ہیں.....

امریکی اور یورپی سرزمین پر گزشتہ 77 برسوں سے کسی جھڑپ، لڑائی اور جنگ کی پرچھائیاں تک نہیں پڑیں۔

.....کیا کسی پاکستانی نے سوچا کہ جنگ کے بعد جو امن آتا ہے وہ دیرپا ہوتا ہے۔ اور ہم پاکستانیوں نے تو گزشتہ 75 برسوں سے جنگ دیکھی ہی نہیں.....ایک غلط فہمی کا ازالہ بھی ضروری ہے.....

1947-48، 1965ء، 1971ء اور 1999ء کی پاک بھارت جنگیں درحقیقت "پاک بھارت افواج" کے درمیان تھیں، "پاک بھارت سویلین آبادیوں" کے درمیان نہیں۔

ہم فرماتے ہیں کہ یہ جنگ ونگ لڑنا فوجیوں کا کام ہے۔ ہم نے فوج بنائی ہے، اس کو پالتے پوستے بھی ہیں، اس کو اسلحہ اور گولہ بارود لے کر بھی دے دیتے ہیں، ہم اور کیا کریں؟..... اب فوج جانے اور جنگ جانے!!..... ہم نے یہ چلن صدہا برس سے اپنایا ہوا ہے۔ ہم قرآن کے اُس حکم کو بھول جاتے ہیں کہ دشمن کے ساتھ جہاد کرو۔ کیا 622ء سے 632ء کے درمیانی 10 برسوں میں ریاست مدینہ میں جو درجنوں غزوات اور سریات لڑے گئے ان میں صرف فوجی شامل تھے؟ غزوۂ تبوک کو یاد کیجئے.....کون کون سے صحابی پیچھے رہ گئے تھے؟

ہم بہانہ ساز قوم ہیں!..... ہم دلیل لائیں گے کہ مدنی دور میں جنگوں کی تنظیم اور ان کا مزاج اور تھا اور آج 1400 سال گزر جانے کے بعد وہ مزاج بدل چکا ہے۔ اب ہم پاکستانی پارلیمنٹ اور عدالتوں میں جنگ لڑتے ہیں۔ میں سوچتا ہوں کہ کیا پہلی اور دوسری عالمی جنگ میں یورپ میں عدالتیں نہ تھیں یا پارلیمنٹیں نہیں تھیں؟..... سب کچھ تھا۔ لیکن ان جنگوں میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد کا گوشوارہ نکال کر دیکھیں۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ اگر روس میں ایک کروڑ فوجی میدان جنگ میں کام آئے تھے تو ڈیڑھ کروڑ سویلین شہروں، قصبوں اور دیہاتوں میں مارے گئے تھے اور آج کی جنگ تو فوجی اور سویلین میں قطعاً کوئی تفریق روا نہیں رکھتی۔ پہلے پانی پت کے میدانوں میں جنگیں لڑی جاتی تھیں اور دہلی کی آبادی بچی رہتی تھی۔ مسجدوں میں اعلان کر دیا جاتا تھا کہ فلاں بادشاہ ہار گیا ہے اور اس کی جگہ فلاں کا خطبہ پڑھا جائے گا.....ہم نے انہی اداؤں کو آج تک گلے لگا رکھا ہے۔

مجھے یاد ہے فوج میں آنے سے پہلے میری پہلی پوسٹنگ جب رحیم یار خان کے ایک ڈگری کالج میں ہوئی تو ابا جی مرحوم نے فرمایا بیٹا کہاں پاک پتن اور کہاں رحیم یار خان؟..... جا بچہ راوی، نہ کوئی آدمی نہ کوئی جادی.....آپ کو خنکمری کالج کی کال بھی تو آنے والی ہے۔ (اس زمانے میں ساہیوال کو خنکمری کہا جاتا تھا) بیٹا وہاں جانا بہتر ہوگا۔ تھوڑا انتظار کر لو.....گھر کی آدھی، باہر کی ساری سے بہتر ہوتی ہے"۔

اور یہ سانگی پاک پتن ہی کی نہیں بلکہ پورے پاکستان کی تھی اور میرے والدین ہی کی نہیں، اس خطے (برصغیر) کے بیشتر والدین کی تھی۔ ہم شاید دور جانے سے ڈرتے تھے۔ بیٹے کی شادی کر دی تو اپنے پاس ہی رکھ کر ایک کمرہ اس کو دے دیا۔ دو تین بیٹے ہوئے تو ان کو بھی کہیں آس پاس ایڈجسٹ کر دیا۔ اللہ اللہ خیر سلا!

.....آج بھی دیکھ لیں۔ چھ ماہ سے عمران خان جلسوں پہ جلسے کر رہے ہیں۔ حاضرین کے ٹھٹھ کے ٹھٹھ لگ جاتے ہیں، نعرے بازیاں ہوتی ہیں، قوالیاں کی جاتی ہیں، حقیقی آزادی کے حصول کی لوریاں سنائی جاتی ہیں اور لانگ مارچ کی کال کی نوید سے دلوں کو گرمایا جاتا ہے لیکن اقبال کے اس شعر کو فراموش کر دیا جاتا ہے:

کر سکتی ہے بے معرکہ جینے کی تلافی؟
اے پیر حرم تیری مناجات سحر کیا

عمران خان کی یہ "مناجات شب" اس وقت تک بے سود اور بے نتیجہ رہے گی جب تک عوامی حقیقی انقلاب کی روح میدان میں آ کر نہیں گونجے گی۔ خدانخواستہ میں کسی خونی انقلاب کی بات نہیں کر رہا۔ آج کل انقلاب آتے ہیں تو جمہوری راستوں سے آتے ہیں۔ آمروں کا دور گزر گیا۔ یہ جمہور کا دور ہے جس کا ذکر کرتے ہوئے اقبال نے نعرہ لگایا تھا:

سلطانیٔ جمہور کا آتا ہے زمانہ
جو نقش کہن تم کو نظر آئے مٹا دو

خان صاحب شاید نقش کہن والے انقلاب کی بات کرتے نظر آتے ہیں، حالانکہ آج کے انقلابات، کاخ امراء کے در و دیوار ہلانے سے نہیں آتے سلطانیٔ جمہور سے آتے ہیں۔

"سیلاب میں عساکر پاکستان کی امدادی سرگرمیاں اور قربانیاں"

نسیم الحق زاہدی

متاثرہ علاقوں بشمول کوئٹہ، پشین، چمن، نوشکی، موسیٰ خیل، ژوب، مستونگ، بولان، سبی، قلات، خضدار، لسبیلہ، مچھ کے نشیبی علاقوں میں پھنسے ہوئے متاثرین کو بذریعہ ہیلی کاپٹر ریسکیو کیا جا رہا ہے اور جہاں زمینی رابطہ منقطع ہو چکے ہیں وہاں پر بذریعہ ہیلی کاپٹرز راشن کے پیکٹس پہنچائے جا رہے ہیں۔ دور دراز کے علاقوں میں بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ بیمار افراد کے لیے پاک فوج کی طرف سے فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا ہے۔ ان میڈیکل کیمپس میں متاثرہ افراد کے لیے علاج ومعالجہ اور مفت ادویات کی فراہمی کے لیے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ متاثرین کو صحت سے متعلق سہولیات بہم مل سکیں۔ عوام کی مشکلات کے ازالے کے لیے پاک فوج اور ایف سی بلوچستان، پی ڈی ایم اے، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں کی بھرپور معاونت کر رہی ہے۔ پاک آرمی، ایف سی اور کوسٹ گارڈ کی سول کی کاوشوں سے صوبے کی تمام شاہراہیں آمد ورفت کے لیے بحال کر دی گئی ہیں۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ بلوچستان میں حالیہ سیلاب میں عساکر پاکستان کی امدادی کاروائیاں اور قربانیوں کی طویل فہرست موجود ہے۔ کیونکہ پاک فوج نصب العین ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ کے عزم صمیم کی روشن مثال ہے۔ افواج پاکستان نے ملک میں آنے والی ہر قدرتی آفات خواہ وہ سیلاب ہوں یا پھر زلزلہ، طوفان ہوں یا پھر کرونا، وبا ہمیشہ انسانیت کی خدمت کے لیے خود کو سب سے پہلے میدان عمل میں اتارا ہے اور اپنے کردار سے یہ ثابت کیا کہ پاک فوج پاکستان کی صرف جغرافیائی ہی نہیں بلکہ نظریاتی سرحدوں کی بھی محافظ ہے۔ مادر وطن کے تحفظ، سلامتی اور دفاع کے لیے افواج پاکستان نے بے مثال قربانیاں دی ہیں اور قوم کو ان پر فخر ہے اور یہ قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ بلوچستان میں سیلاب زدگان کی مدد کیلئے اپنے فرض کی ادائیگی کے دوران پاک فوج کے جانبازوں نے جام شہادت نوش کیا۔ اور گزشتہ دو ماہ میں صوبے میں آرمی کے ہیلی کاپٹر کی تباہی کے ناقابل تلافی دو عظیم سانحات رونما ہوئے۔ ماہ اگست میں لسبیلہ میں ہیلی کاپٹر حادثے میں کور کمانڈر کوئٹہ لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی، ڈائریکٹر جنرل پاکستان کوسٹ گارڈ بریگیڈیئر امجد حنیف، بریگیڈیئر محمد خالد، میجر سعید احمد، میجر محمد طلحہ منان اور نائیک مدثر فیاض نے جانیں نچھاور کیں۔ ابھی قوم اس بڑے صدمے سے سنبھل ہی نہیں پائی تھیں کہ ہرنائی خوست میں پاک فوج کے ہیلی کاپٹر کے حادثے میں 2 پائلٹس سمیت 6 فوجی اہلکاروں کی شہادت کا دل سوز واقعہ پیش آ گیا۔ ہرنائی بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے شمال مشرق میں اندازاً 180 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع سنگلاخ پہاڑی علاقوں پر مشتمل علاقہ ہے زیارت سے متصل ضلع کی سرحدیں ضلع کچھی کے علاقے بولان، سبی اور کوہلو سے بھی ملتی ہیں۔ بلوچستان میں حالات کی خرابی کے بعد سے ضلع ہرنائی کے متعدد علاقوں میں سیکورٹی فورسز پر حملوں کے علاوہ بدامنی کے دیگر واقعات بھی پیش آ رہے ہیں۔ ہرنائی کے بعض علاقوں کا شمار ان علاقوں میں ہوتا ہے جو کہ شورش سے بہت زیادہ متاثر ہیں اور کچھ عرصہ قبل ہرنائی کے بعض علاقوں میں آرمی کی بھی تعیناتی عمل میں لائی گئی ہے۔ دوسری جانب بلوچستان میں کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور بغیر پروٹوکول سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کیمپوں کے دورے کر رہے ہیں اور سیلاب زدگان کی دادرسی کیلئے ہر ممکن سہولیات بہم پہنچانے میں ہمہ تن مصروف ہیں۔ کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے کہا کہ سیلاب متاثرین کی کی بحالی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، بلوچستان میں سیلاب سے متاثرہ ہر ضلع میں ریلیف کیمپ قائم کئے جا رہے ہیں جس میں سیلاب زدگان کیلئے خوراک، پانی، اسکول، بجلی سمیت تمام تر سہولیات دی جا رہی ہیں۔ جن کے گھر سیلاب میں بہہ گئے ہیں ان کیلئے یہ کیمپ بنائے گئے ہیں اور جن کے گھروں کی دیواریں اور چھتیں گر چکی ہیں ان کو گھروں میں خیمے دیئے جا رہے ہیں تاکہ وہ اپنے گھر میں خیموں میں رہ کر گھر بنوا سکیں۔ آرمی چیف نے فوج کو ملک بھر میں امدادی سرگرمیوں میں عوام کی مدد کے لیے سرگرم رکھا۔ تینوں افواج نے اپنے جہاز، ہیلی کاپٹر اور کشتیاں سیلاب متاثرین کے لیے وقف کر دیں اور فوج ہر اس جگہ پہنچی جہاں کوئی صوبائی حکومت نہ پہنچ سکی تھی۔ فوجی افسروں اور جوانوں نے سب سے پہلے اپنی تنخواہ سے وزیر اعظم ریلیف فنڈ میں حصہ ڈالنے کا اعلان کیا اور فوج کے پاس راشن کا جو ذخیرہ تھا اس کا منہ متاثرین کے لیے کھول دیا اور سب سے پہلے اپنے مال سے متاثرین کو راشن کی فراہمی شروع کی۔ ہماری فوج چاروں صوبوں میں ہر اس متاثرہ علاقوں میں پہنچی جہاں وزیر اعظم یا کوئی بھی وزیر اعلیٰ نہیں جا سکا تھا۔ بے شک بلوچستان میں دہشت گردی و بدامنی کی آگ پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ میں قدرتی آفات، زلزلوں، بارشوں اور سیلاب کے دوران پاک فوج کے افسران اور جوان جان کی قربانیاں دے کر تاریخ میں امر ہو چکے ہیں بے شک پاک فوج کی ان قربانیوں کو سنہرے حروف میں قوم یاد رکھے گی۔

ڈاکٹر محمود غازی، اکیڈمی کا پہلا محافظ

ڈاکٹر شہزاد اقبال شام

بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے معماروں کا ذکر گزشتہ قسطوں میں ہو چکا ہے۔ یونیورسٹی کی اہمیت کا اندازہ کیجیے کہ اس کے بنیادی اداروں کی تشکیل نہایت قدآور شخصیات اور اداروں کی رکنیت پر مبنی ہے۔ جنرل ضیاء جانتے تھے کہ سیاسی حکومتوں کی ترجیحات بدلتی رہتی ہیں، اور یہ کہ اس یونیورسٹی کو تفویض کردہ فرائض وہ نہیں ہیں جنہیں مغرب ٹھنڈے پیٹوں برداشت کرے چنانچہ انہوں نے یہ طے کر دیا کہ یونیورسٹی آرڈیننس میں ترمیم کے لیے پارلیمان کی دو تہائی اکثریت درکار ہوگی اس بندش سے یونیورسٹی کی اہمیت کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے جس کے باعث جنرل ضیاء جامعہ کے متعلقین سے مسلسل رابطہ رکھتے تھے جن میں جامعہ کے وائس چانسلر بھی تھے۔ ہماری گفتگو آف دی ریکارڈ تھی، لہٰذا میں ذریعہ افشا نہیں کروں گا۔ وائس چانسلر ڈاکٹر حسین حامد حسان نے ایک مرتبہ بتایا: "میں جب کبھی جنرل ضیاء سے مل کر آتا تو دو چار دنوں میں ایک مغربی ملک کا سفیر کسی نہ کسی بہانے مجھ سے ملنے آ جاتا اور کرید کرید کر یونیورسٹی کے بارے میں سوال کرتا۔" مغرب کی اس سراغرسانی سے یونیورسٹی کی اہمیت واضح ہے۔

جنرل ضیاء کی زندگی میں یونیورسٹی پر تو کوئی خراش نہ ڈالی جا سکی لیکن اس کے ان چار کلیدی اداروں سے چھیڑ چھاڑ شروع ہو گئی تھی جو یونیورسٹی کی شناخت ہیں۔ اولاً ان اداروں کی خودمختاری سلب کی گئی ادارہ تحقیقات اسلامی کی سرگرمیاں پارلیمان کی معاونت کے لیے تحقیقی کاموں تک محدود تھیں۔ شریعہ اکیڈمی کا وجود ابھی نہ ہونے کے برابر تھا، وہاں عدالتی افسروں کے لیے سال میں صرف ایک چار ماہی تربیتی کورس تھا۔ انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اکنامکس کا سربراہ ایک قدآور شخصیت یعنی اسٹیٹ بینک کے ڈپٹی گورنر کو بنایا گیا لیکن بین الاقوامی شناخت، علمیت اور اخلاص کے باوجود وہ یونیورسٹی کا تجربہ نہیں رکھتے تھے، لہٰذا اس ادارے کی شناخت اوسط ہی رہی۔

لیکن دعوہ اکیڈمی کے سربراہ ڈاکٹر انیس احمد ڈیڑھ عشرے تک امریکی جامعات میں پڑھانے کا تجربہ رکھتے تھے وہ سب کچھ تج کر ہزاروں کتب پر مشتمل اپنی لائبریری سمیت، بذریعہ بحری جہاز اسلامی یونیورسٹی میں پڑھانے آ گئے۔ اتفاق ہی ہے کہ اس جہاز کا نائب کپتان میرا دوست سردار اقتا تب میں نہ انیس صاحب کو جانتا تھا اور نہ یونیورسٹی میں داخل ہوا تھا۔ سردار کا کہنا ہے: "یار اتمہارے جہاز پر ایک عجیب قسم کا پروفیسر پاکستان آیا ہے۔ خود تو نمازی تھا، چند دنوں میں اس نے جہاز کے تمام عملے کو نمازی بنا دیا، پھر پانچ وقت کی امامت خود کرانا شروع کر دی باقاعدگی سے درس قرآن بھی شروع کر دیا"۔ دعوہ اکیڈمی کے اسی ڈائریکٹر جنرل نے پوری "تحقیق" کے بعد منصوبہ بندی کی کہ ملکی جیلوں کو اصلاحی مراکز میں تبدیل کیا جائے۔ اسپتالوں میں مریضوں کی مخصوص ذہنی کیفیت ہوتی ہے، وہ اللہ کے قریب ہوتے ہیں اور یہی وقت ان کی اخلاقی نوک پلک سنوارنے کا ہوتا ہے یہ کام بھی ڈاکٹر انیس صاحب کی منصوبہ بندی میں شامل تھا، گزشتہ قسطوں میں اس پر لکھا جا چکا ہے۔

ڈاکٹر انیس کا تین سالہ دورانیہ پورا ہوا تو توسیع دینے کی بجائے انہیں ہٹا کر ڈاکٹر محمود غازی کو بہت سی "توقعات اور ہدایات" کے ساتھ دعوہ اکیڈمی میں بھیجا گیا۔ وہ ہم رفقا کو بہت کچھ بتایا کرتے تھے، فرماتے تھے: "اکیڈمی کی خودمختاری تو سلب کی جا چکی تھی مجھے اصل میں اکیڈمی کو بند کرنے کا ہدف دیا گیا تھا۔ دو ماہ بعد جب دی گئی "ہدایات اور توقعات" پر اوپر سے استفسار کیا گیا تو حکام کو معلوم ہوا کہ میں وہی انیس صاحب والی بولی بول رہا ہوں۔" انتظامی و مالیاتی خودمختاری نہ ہونے کے سبب ڈاکٹر غازی اکیڈمی کو ان خطوط پر تو نہ چلا سکے جن پر ڈاکٹر انیس نے قائم کی تھی لیکن مرحوم محترم نے انتہائی بصیرت، تدبر، معاملہ فہمی، حکمت کے ساتھ اور تالاں دکام کو ساتھ رکھ کر اکیڈمی کو یوں بچایا جیسے مرغی چیل کے حملے خود سہہ لیتی ہے لیکن بچوں کو پروں میں چھپا کر بچاتی ہے۔

آج دعوہ اکیڈمی کے بارے میں جو نئی نئی باتیں سننے کو ملتی ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ اس کے پروفیسر تحقیق نہیں کرتے۔ یہ بھی خوب رہی۔ اس مفروضے کی بنیاد پر کسی ادارے کی ماہیت تبدیل کرنا یا اسے بند کرنا ہو تو بندش کا آغاز علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے ہونا چاہیے جو نو جماعت فیل بچوں کو میٹرک کراتی ہے، میٹرک پاس نوجوانوں کو انٹرمیڈیٹ کراتی ہے، پھر گریجویشن وغیرہ۔ کیا یہ تحقیق ہے؟ (جی ہاں یہی تحقیق ہے)۔ لاکھوں لوگ اس یونیورسٹی سے یہ معمولی اسناد پاتے ہیں۔ لیکن اس یونیورسٹی سے کبھی "تحقیق" کا تقاضا نہیں کیا گیا۔ ایم اے، ایم فل تو یہاں بہت بعد میں شروع ہوئے، ابتدا میں یہ یونیورسٹی میٹرک اور انٹر جیسے "غیر تحقیقی" کام کراتی تھی۔ اسی عرصے میں تعلیم کے فروغ اور اس "غیر تحقیقی" حرکت کے پیش نظر یونیسکو نے 1987 میں اسے دنیا بھر میں اول درجے کا تعلیمی ادارہ ہونے کا ایوارڈ دیا تھا۔ برطانیہ کی یو کے اوپن یونیورسٹی بھی اسی سطح کی "غیر تحقیقی" تعلیم دیتی ہے۔ اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی بھی اسی "غیر تحقیقی" حرکت کی مرتکب ہے۔ ان جامعات سے کبھی اس "تحقیقی کام" کا تقاضا نہیں کیا گیا جو آج چالیس سال بعد دعوہ اکیڈمی سے کیا جا رہا ہے یہ تقاضا کرنے والوں کے ذہن میں دراصل تحقیق کا اصل مفہوم ہے ہی نہیں۔

کوئی مصر ہو کہ دعوہ اکیڈمی میں تحقیقی کام نہیں ہوتا تو عرض ہے کہ وہ مہذب دنیا کا انداز کار اختیار کرتے ہوئے کھلے عام مکالمے کا اہتمام کرے، اس اکیڈمی کے بانی اور ہم چلانے والے اسے بتائیں گے کہ اکیڈمی میں نہ صرف تحقیق ہوتی رہی ہے بلکہ اس کا سارا کام گہری تحقیق ہی کا نتیجہ ہے اتنی سادہ سی بات لوگوں کی سمجھ میں کیوں نہیں آتی کہ برطانیہ میں 1969 میں قائم ہونے والی دنیا کی پہلی اوپن یونیورسٹی انگریزوں کی عشروں کی تحقیق ہی کا نتیجہ تھی۔ بڑھئی، ترکھان، اور راج مستری کے ہنر سکھانے والی یہ جامعہ تحقیق ہی کے برتے پر ہنر سکھاتی ہے۔ تحقیق کا یکطرفہ اور حرف آخر قسم کا مفہوم ذہن میں ہو تو پھر سمجھانا ہم "غیر محققین" لئے کار عبث ہے۔

اقتدار کی جاری جنگ

نسیم الحق زاہدی

مملکت خداداد، اسلامی جمہوریہ پاکستان میں اقتدار کی جنگ زوروں پر ہے۔ فریقین میں سے جس کے ہاتھ جو کچھ آتا ہے، اٹھا کر دوسرے کے سر پر مار دیتا ہے۔ ہر ایک نے اپنی جیبیں پتھروں سے بھر رکھی ہیں، اور اپنی غلیلوں سے ٹھیک ٹھیک نشانے لگانے پر تلا ہوا ہے یہ اور بات کہ اکثر نشانے خطا جا رہے ہیں یا حریف کو وہ نقصان نہیں پہنچا پا رہے، جو نشانہ باز کی خواہش ہے۔ چاند پر تھوکا تو منہ کو آتا ہی تھا، لیکن اب چاند بھی اپنے اپنے ہیں، اور تھوک بھی اپنا اپنا۔ ہر شخص نے اپنا اپنا چاند چڑھا رکھا ہے، اور دوسرے کے چاند پر تھ

شال بقیہ 1

کا وہ غیر آئینی رویہ ہے جو انہوں نے ایک ریاست سربراہ ہوتے ہوئے اپنانے کے بجائے پی ٹی آئی کے ایک ورکر جیسا رویہ اپنایا، صدر مملکت کو چاہیے تھا جب ریاست کے سب سے بڑے عہدے پر بیٹھے ہیں ان کو اپنا رویہ اس کے مطابق رکھنا چاہیے جو انہوں نے اپنایا جس کی وجہ ہمیں احتجاج کرنا پڑا۔ وزیر اعظم شہباز شریف کے اجلاس میں نہ آنے پر سوال کے جواب میں وزیر داخلہ نے کہا کہ صدر مملکت کے رویہ پر بطور احتجاج کوئی آیا نہیں اور کوئی آ کر چلا گیا ہے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ مجھے نہیں معلوم صدر مملکت نے فی البدیہہ تقریر کی ہے یا گورنمنٹ کی طرف سے دی گئی ہے لیکن روٹین یہی کہتے ہیں صدر مملکت وہی تقریر کرتے ہیں جو گورنمنٹ سے منظور ہوتی ہے۔ تحریک انصاف کے ممکنہ لانگ مارچ کے حوالے سے سوال پر انہوں نے کہا کہ ابھی تک راستے بند نہیں کئے گئے، کنٹینرز کا انتظام ضرور کیا گیا ہے اگر کوئی راستہ بند ہے تو بتایا جائے اسے فوراً کھلواتے ہیں۔ وزیر اعظم ہاؤس میں آڈیو لیکس کے حوالے سے سوال پر انہوں نے کہا کہ معاملے کی انکوائری بھی ہو رہی ہے اور کمیٹی کی میٹنگز بھی ہو رہی ہیں اور اس کی ابتدائی رپورٹ وزیر اعظم کو پیش کر چکے ہیں تفصیلی رپورٹ میں بہت سارے پہلو ہیں جو پیش کرنا باقی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آڈیو لیکس کے پیچھے کوئی بیرونی عناصر نہیں ہیں، ڈیوائس کے وہاں پر رکھے جانے کے زیادہ امکانات ہیں اور اس بارے میں کوئی ملازم بھی ہو سکتا ہے، جن لوگوں پر شبہ ہے ان کی نگرانی کی جا رہی ہے، جلد صحیح نتیجے پر پہنچیں گے۔

شال بقیہ 2

کا آرڈیننس لایا تھا، آرمی چیف کی تعیناتی آئین اور قانون کے مطابق ہوگا۔ وفاقی وزراء کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران صحافیوں کو مخاطب کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ آپ کے ساتھ میری گفتگو ہوئی تھی اور اس کے اگلے دن ایک اور آڈیو لیک ہوئی تھی اور جس دن میں گفتگو کر رہا تھا اس دن میری آڈیو لیک ہوئی، جس کو اچھالا گیا اور قوم کو بتایا جا رہا تھا کہ اگلے دن ایک اور آڈیو لیک ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اگر مجھے کسی اور کی آڈیو لیک کرنی ہوتی تو میں اپنی آڈیو لیک کیوں کرتا۔ انہوں نے کہا کہ 3 اپریل 2022 کی بات ہے جب عدم اعتماد کی قرارداد پر ووٹنگ ہونی تھی، ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری ایوان چلا رہے تھے تو اس وقت کے وزیر اطلاعات نے کھڑے ہو کر کہا کہ اس حکومت کے خلاف سازش ہوئی تھی، اس سازش کے تانے بانے غیر ملکی طاقتیں اور تحریک لانے کی اپوزیشن سے ملتے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ قاسم سوری نے تحریری بیان پڑھا کہ سازش کی اس کہانی کی بنیاد پر قرارداد کو مسترد کرتا ہوں اور ہم سے پوچھا نہیں، میں قائد حزب اختلاف چیختا رہ گیا لیکن میری بات نہیں سنی۔ انہوں نے کہا کہ اسی دوران عمران خان ٹی وی پر نمودار ہوئے اور کہا کہ اسمبلی توڑ رہا ہوں 20 منٹ کے اندر صدر پاکستان نے اسمبلی توڑنے کی سمری منظور کر دی، مملکت کے بے شمار اہم معاملات صدر صاحب کے پاس بھنتوں پڑے رہتے ہیں لیکن اسمبلی توڑنے کی سمری 20 منٹ میں منظور کر لی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر نے وزیر اطلاعات کی زبانی سازش کی جو کہانی بیان کی گئی، اس کو من و عن مان کر قرارداد فوراً مسترد کر دیا اور اسمبلی برخاست کرنے کی سمری بھیجنے کی اطلاع فوری بھیج دی گئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سازش کی اس بنیاد پر اگلے 5 ماہ عمران خان اور ان کے حواریوں نے قوم کا وقت برباد کیا، اپنے پارٹی کے اراکین کو پختہ یقین ہو گیا، حالات دیکھ کر فیصلہ کرنے والے ووٹرز کو کنفیوژ کیا اور عمومی طور پر قوم کو ہیجانی کیفیت میں ڈال دیا۔

شال بقیہ 3

بات انہوں نے جمعرات کو اپنے ایک ٹویٹ میں کہی۔ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ عوام کے روزگار کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے ملازمین کو کسی صورت بے روزگار نہیں ہونے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹ ٹرینڈ کی بحالی ہو یا اساتذہ اور محکمہ مواصلات کے ملازمین کی مستقلی ہم نے اپنے تمام وعدے پورے کئے ہیں اور آئندہ بھی عوامی مفادات کے تحفظ کو یقینی بنائیں گے۔

شال بقیہ 4

جنرل اسمبلی سے پہلے ہی پاکستان پہنچے، پیرامیڈک اسٹاف خود بھی متاثر ہے، کراچی میں تاریخی بارشیں ہوئیں، انفرا اسٹرکچر کو نقصان نظر آ رہا ہے، یہاں بارش سے نقصان 30 ارب ڈالرز کے نقصان میں شامل نہیں، خان صاحب کے دور میں دوست ممالک سے تعلقات کو نقصان پہنچا تاہم اب حالات بہتر ہو رہے ہیں اور جو ممالک ہاتھ ملانے کو اور فون کال کرنے کو تیار نہیں تھے اب وہ بھی تیار ہیں۔ جمعرات کو پی پی پی چیئرمین اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کراچی میں وزیر اعلیٰ سندھ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم سیلاب کی آفت سے گزر رہے ہیں، سندھ کے علاقوں سے 50 فیصد سیلابی پانی نکالا جا چکا ہے تاہم ابھی تک بلوچستان کے پہاڑوں سے پانی سندھ میں داخل ہو رہا ہے، سڑکوں کے دونوں طرف سمندر کا سا سماں ہے، یہ سیلاب دریا سے نہیں بلکہ آسمان سے نیچے آیا ہے، قیامت سے پہلے قیامت کا منظر ہے، سیاست کیلئے بہت وقت ہے اسوقت قدرتی آفت پر کام کرنے دیں، یہ وقت الیکشن کے بارے میں سوچنے کا نہیں، صورتحال کا تقاضہ ہے کہ الیکشن کو مزید آگے کیا جائے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ کورونا میں معیشت پر جو فرق پڑا اس سے زیادہ سیلاب کی وجہ سے پڑا ہے، ملک میں 33 ملین لوگ سیلاب سے متاثر ہوئے، 4 ملین ایکڑ زرعی زمین تباہ ہو گئی، اندازے کے مطابق سیلاب کے باعث 30 ارب ڈالر کا نقصان ہوا، متاثرین میں بیماریاں پھیل رہی ہیں، اب تک 8.3 ملین شہریوں کو طبی امداد دی ہے مزید ضرورت ہے، متاثرین کی تعداد اور مسائل اتنے زیادہ ہیں کہ جتنا کریں کم ہے، میں ہر ملک سے رابطہ کر رہا ہوں اور بہت مدد بھی مل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے علاوہ پورا صوبہ سیلاب سے متاثر ہے، دوسرے صوبے میں شاید کم متاثرین ہیں تو وہ سمجھتے ہیں مسئلہ ختم ہو گیا، لیکن سندھ میں ابھی تک 50 فیصد رقبے پر پانی کھڑا ہے، سندھ میں جب تک مکمل پانی نہیں نکل جاتا تب تک اصل تباہی اور نقصانات کا اندازہ لگانا ممکن نہیں ہے۔

شال بقیہ 5

ہے اور صوبہ میں ان کے طلباء نے نمایاں پوزیشنز حاصل کیے جس کا کریڈٹ پرنسپل بی آر سی ڈوب اور ان کی پوری ٹیم کو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مقابلہ کا دور ہے اور نئے عہد کے مطابق جسمانی طاقت کی بجائے ذہنی طاقت کو ترجیح حاصل ہو چکی ہے لہٰذا نوجوانوں کو علم کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجیکل مہارت کو اختیار کریں، انہوں نے کہا کہ شعبہ علم سے تعلق رکھنے والے اور معاشرے کو فکری رہنمائی فراہم کرنے افراد کو خصوصی اہمیت اور احترام دینا چاہیے۔ آخر میں قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے بلوچستان ریزیڈنشل کالج ڈوب کے ایف ایس سی اور میٹرک کے امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے طلبا کو کتابوں کے تحائف دیئے۔

شال بقیہ 6

کی۔ فورم کی جانب سے سیلاب زدہ علاقوں میں سیاحت کو پہنچنے والے نقصان کے تخمینے کی بھی ہدایت کی گئی۔ بتایا گیا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں سندھ میں مزید ایک شخص جاں بحق ہوا، گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں انفرا اسٹرکچر کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ اطلاعیہ کے مطابق 63 جامعات نے 85 ہزار 120 فوڈ پیکٹس تقسیم کئے، سیلاب زدگان کی مدد کیلئے 84 جامعات کے 20 لاکھ طلباء کو موبلائز کر رہے ہیں، امدادی سرگرمیوں میں اچھی کارکردگی دکھانے والی جامعات اور طلباء کو اعزازی شیلڈز دی جائیں گی۔

شال بقیہ 7

ی۔ جسٹس منصور علی شاہ نے وکیل وسیم سجاد سے سوال کیا کہ فیصل واوڈا نے کاغذات نامزدگی کب جمع کرائے؟ وکیل وسیم سجاد نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ فیصل واوڈا نے کاغذات نامزدگی 7 جون 2018 کو جمع کرائے، ان کے کاغذات نامزدگی کی اسکروٹنی 18 جون کو ہوئی۔ جسٹس منصور علی شاہ نے پھر سوال کیا کہ فیصل واوڈا نے بیان حلفی کب جمع کرایا تھا؟ فیصل واوڈا کے وکیل نے جواب دیا کہ فیصل واوڈا نے بیان حلفی 11 جون 2018 کو جمع کرایا، ریٹرننگ افسر کو بتا دیا تھا امریکی شہریت چھوڑ دی ہے۔ جسٹس عائشہ ملک نے فیصل واوڈا کے وکیل سے سوال کیا کہ آپ نے کس تاریخ کو امریکی سفارت خانے جا کر نیشنلٹی منسوخ کرائی؟ وکیل وسیم سجاد نے کہا کہ میرے موکل نے امریکی سفارت خانے جا کر کہہ دیا تھا کہ نیشنلٹی چھوڑ رہا ہوں۔ جسٹس منصور علی شاہ نے پوچھا کہ کیا آپ نے ایمبیسی جا کر زبانی بتا دیا کہ میرا پاسپورٹ کینسل کر دو؟ وکیل نے کہا کہ امریکی شہریت چھوڑنے کا ثبوت میں نے تو نہیں دینا تھا۔ فیصل واوڈا کے وکیل نے کہا کہ اصل سوال تاحیات نااہلی کی ڈکلیریشن کا ہے جو کیشن نہیں دے سکتا۔

شال بقیہ 8

اور مارگلہ کی پہاڑیوں سے لوگ نکلیں گے۔ سابق وزیر داخلہ نے کہا کہ اسلام آباد کے لوگوں نے محصور ہونے کے خوف سے گھروں میں راشن ڈالنا شروع کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی وزرا کی تعداد 75 ہے جس میں 22 بے محکمہ ہیں۔

شال بقیہ 9

میں جتنی بھی دھاندلی کریں ہم ہی کامیاب ہوں گے۔ عمران خان نے کہا کہ لانگ مارچ زیادہ دور نہیں ہے، لانگ مارچ کے لیے پوری تیاری کے ساتھ آ رہے ہیں، پہلے ہمیں پتا نہیں تھا کہ ہمارے ساتھ کیا سلوک ہوگا لیکن اب ہمیں اندازہ ہے، عوام کا سمندر لانگ مارچ میں آئے گا جسے کوئی نہیں روک سکتا۔ انہوں نے کہا کہ چیف الیکشن کمشنر نے ن لیگ سے مل کر حلقہ بندی کی، چیف الیکشن کمشنر اور جسٹس فائز عیسیٰ سے کبھی ملاقات نہیں ہوئی۔ چیف الیکشن کمشنر سیاسی انجینئرنگ کرنے والوں کا آلہ کار ہے، چیف الیکشن کمشنر کے سامنے پیش ہو کر ڈر رہے ایسا کچھ نہ کر دوں کہ مجھے جیل بھیج دے۔ عمران خان نے سندھ میں سب سے بڑے انقلاب کا دعویٰ کرتے ہوئے کہا کہ انتخابات کے دوران اندرون سندھ میں سب بڑا انقلاب آئے گا، سکھر گیا تو لوگوں کے ردعمل سے لگا جیسے کشمیر آزاد ہو رہا ہو، اندرون سندھ پیپلز پارٹی اب کامیاب نہیں ہو سکتی۔

شال بقیہ 10

ہے، آپ سب کی کاوشوں کی بدولت ہم لفافہ کی گرے لسٹ سے نکل جائیں گے، کرپشن کی بیخ کنی کرنے کے موضوع پر سب متفق ہیں، نیب کو مضبوط کرنا چاہیے، ادارے کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال نہ کیا جائے، آج کل آڈیو لیکس سامنے آئی اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان کی حوصلہ شکنی کی جانی چاہیے، فریقین میں سے کسی ایک کی رضامندی کے بغیر فرد (افراد) کے درمیان نجی گفتگو کو عام کرنا اخلاقی اور قانونی طور پر غلط ہے، پاکستان کی خواہش ہے بھارت کیساتھ دوستی اور امن ہو، خواہش کشمیر میں بھارتی اقدامات کی وجہ سے پروان نہیں چڑھ سکتی، کشمیر کے مسئلے کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جانا چاہیے، پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑا ہے اور ساتھ کھڑا رہے گا، چین کیساتھ ہمارا بہترین تعاون ہے، یہ مستقبل میں بھی جاری رہیں گے، حکومت کی امریکا سے تعلقات بہتر بنانے کی کاوشیں قابل تعریف ہیں، پاک امریکہ تعلقات مزید بہتر ہو سکتے ہیں، تمام ممالک کے ساتھ باہمی وقار اور عزت و احترام پر مبنی تعلقات کے خواہاں ہیں، جی ایس پی پلس کے حوالے سے پاکستان اور یورپی ممالک کے مابین تعاون جاری رہے گا، جرمن شہریوں کی سیکورٹی اور تحفظ کیلئے ہم اپنی جانیں بھی دے سکتے ہیں، پرامن افغانستان ہمارے خطے کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ناگزیر ہے، یوکرین روس جنگ کے عالمی سطح پر بھی اثرات ہوئے اور اس کا پاکستان پر بھی اثر پڑا، امید ہے ہم اپنے موجودہ معاشی مسائل پر قابو پالیں گے، ہمیں سول اداروں سمیت ملک میں تعیناتیوں میں میرٹ کو یقینی بنانا ہوگا، دہشتگردی کو شکست دینا ہماری بڑی کامیابی ہے، ہم ڈیموں کی مدد سے سیلابی ریلوں سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔

شال بقیہ 11

چیف کے ساتھ تصویر جاری کرتے ہوئے لکھا کہ جنرل قمر جاوید باجوہ سے دفاعی شراکت داری اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اپنے بیان میں امریکی وزیر دفاع نے کہا کہ اس سال پاک امریکا تعلقات کے 75 سال مکمل ہوئے ہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے امریکی وزیر دفاع لائیڈ آسٹن، امریکی قومی سلامتی کے مشیر جیک سلیوان اور نائب وزیر خارجہ ویندی شرمین سے ملاقات کی تھی۔ اس موقع پر آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کو خصوصی گارڈ آف آنر بھی پیش کیا گیا تھا۔

شال بقیہ 12

عہدیداروں، صوبائی ایگزیکٹیو کمیٹی کے اراکین، ڈویژنل، ضلعی، ذیلی جنگز اور کوئٹہ سٹی کے صدور، جنرل سیکرٹریز اور اطلاعات سیکرٹریز کا مشترکہ اجلاس (کل) 8 اکتوبر بروز ہفتہ سہ پہر 3 بجے کو کوئٹہ ڈویژن سیکرٹریٹ بمقام ایئر پورٹ روڈ نزد ٹیوٹا موٹرز شوروم کوئٹہ میں طلب کیا ہے، صوبائی صدر میر چنگیز خان جمالی پارٹی عہدیداروں اور ایگزیکٹیو ممبران کے مشترکہ اجلاس کی صدارت کریں گے۔ اجلاس میں پارٹی کے تنظیمی امور، ملک و صوبے کی سیاسی صورتحال، آئندہ کی سیاسی و تنظیمی حکمت عملی اور سیلاب کی تباہی سے متعلق امور زیر غور لائیں جائے گے، صوبائی جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ نے تمام صوبائی عہدیداروں، ایگزیکٹیو کمیٹی کے اراکین، ڈویژنل، ضلعی، ذیلی جنگز اور کوئٹہ سٹی کے صدور، جنرل سیکرٹریز اور اطلاعات سیکرٹریز کو اجلاس میں اپنی شرکت بروقت یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔

شال بقیہ 13

ملاقات، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جمعرات کو قصر ناز کراچی میں نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے ضلع گوادر کے سیاسی و سماجی شخصیت اور سابق نگران صوبائی وزیر میر نوید گھمشی نے ملاقات کی، جس میں سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پارٹی کے مرکزی رہنماء ڈاکٹر اسحاق بلوچ اور نیشنل پارٹی کیچ کے کارکن عبدالحلیم بلوچ بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 14

کے تحقیق شہر حب سے کراچی (لی مارکیٹ) جانے والی مسافر کوچ کو سٹر حب ندی کے متبادل راستے پر رینجرز چیک پوسٹ کے قریب الٹ گئی جس کے نتیجے میں ایک شخص حیدر علی ولدیت فوٹ بخش جاں بحق جبکہ زخمیوں میں عبدالجبار ولدیت عبدالغفار عمر 36 سال، آصف علی ولدیت عبدالخالق، سلیم ولدیت حمزہ عمر 50، قاضی نظام الدین روخجو، محمد سلیم شامل ہیں۔ لیویز کے جوانوں نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ریسکیو کر کے جام غلام قادر ٹیچنگ ہسپتال حب منتقل کر دیا ہے جہاں سے شدید زخمیوں کو کراچی ریفر کر دیا، مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 15

رپورٹ۔ محکمہ صحت بلوچستان کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں نصیر آباد، جعفر آباد، صحبت پور، جھل مگسی، سبی، کچھی میں ملیریا کے 1918، سانس کے امراض کے 896، جلد کے امراض کے 554، اسہال کے 325، ہیضہ کے 525، ٹائیفائیڈ کے 162، آنکھوں کے انفیکشن کے 136 جبکہ بلڈ پریشر، شوگر سمیت دیگر امراض کے 905 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق محکمہ صحت کی جانب سے سیلاب متاثرہ علاقوں میں 13 میڈیکل کیمپس لگائے گئے جن میں 5429 افراد کو طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے کے دوران مختلف امراض کے 50 ہزار 2 سو 95 کیسز رپورٹ ہوئے۔

شال بقیہ 16

محمد الیاس خان ممبر جوڈیشل کمیشن آف پاکستان احمد فاروق خٹک سندھ بار کونسل کے وائس چیئرمین ذوالفقار جلبانی ممبر جوڈیشل کمیشن آف پاکستان سید حیدر امام رضوی اسلام آباد بار کونسل کے عادل عزیز کے علاوہ آزاد جموں و کشمیر گلگت بلتستان بار کونسل کے علاوہ ممبر پاکستان بار کونسل منیر احمد خان کاکڑ سی ہائیکورٹ بار تربت ہائیکورٹ بار لورالائی خضدار بار کے عہدیداران بھی شرکت کریں گے۔ اجلاس کی صدارت وائس چیئرمین بلوچستان بار کونسل قاسم علی گاجزئی کریں گے۔

شال بقیہ 17

سے متعلق وزیر اعظم کو آگاہ کریں گے۔

شال بقیہ 18

بلوم کا پرتپاک استقبال کیا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اقتصادی امور نے دونوں ممالک کے درمیان طویل المدتی دوستانہ اور خوشگوار تعلقات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ہم امریکہ کو اپنا طویل مدتی پارٹنر سمجھتے ہیں۔ حکومت پاکستان امریکہ کے ساتھ اپنے تعلقات کو کھلے عام فروغ دینے پر مرکوز ہے۔ وزیر اقتصادی امور۔ انہوں نے یو ایس ایڈ کی طرف سے فراہم کی جانے والی سیلاب سے متعلق امداد پر بھی شکریہ ادا کیا۔ سفیر نے تعریف کی اور کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان خوشگوار تعلقات امریکہ کے ساتھ ساتھ پاکستان کے لیے بھی اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم شعبوں، تجارت اور سرمایہ کاری، توانائی، تعلیم اور معیشت پر زیادہ توجہ مرکوز کر رہے ہیں۔ امریکی سفیر نے کہا کہ پاکستان کے پاس بہت زیادہ صلاحیت ہے جسے تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 19

ہے۔ ایپسوس پاکستان نے عوام کی آراء پر مبنی سیلاب متاثرین کی مدد سے متعلق ایک اور سروے جاری کر دیا جس میں 52 فیصد پاکستانیوں نے غیر سرکاری تنظیموں اور 48 فیصد عوام نے حکومتی اداروں کو منتخب کیا۔ 50 فیصد پاکستانیوں نے سیلاب زدہ علاقوں میں مسلح افواج کی امدادی سرگرمیوں کی بھی تعریف کی۔ 34 فیصد نے وفاقی حکومت تو 13 فیصد نے این جی اوز کے سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی کاموں کو سراہا۔

شال بقیہ 20

آمد و رفت شروع ہوئی۔ ریلوے حکام کے مطابق امدادی سامان کی ٹرین کوئٹہ پہنچ گئی، مال بردار ٹرین ترکیہ سے امدادی سامان لے کر زاہدان سے ہوتے ہوئے پھر کوئٹہ پہنچی۔ ریلوے حکام نے بتایا کہ زاہدان سے مزید دو ٹرینیں امدادی سامان لے کر آج کوئٹہ پہنچ جائیں گی۔

شال بقیہ 21

میں 11 ہزار 807 کورونا ٹیسٹ کئے گئے ہیں۔ این آئی ایچ کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 11 ہزار 807 کورونا ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے 48 افراد کے کورونا ٹیسٹ مثبت آئے ہیں۔ اس طرح گزشتہ 24 گھنٹوں میں کئے گئے مثبت کورونا ٹیسٹ کی شرح 41.0 فیصد رہی ہے، مزید برآں اس دوران کورونا وائرس سے کوئی بھی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 38 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔

شال بقیہ 22

گیا۔ علاوہ ازیں دودھ کی کوالٹی چیک کرنے کیلئے دکانوں سے دودھ کے نمونے لیکر موقع پر ٹیسٹ کیے گئے، ٹیسٹ کرنے پر 2 ملک شاپس کا دودھ ملاوٹی و غیر صحت بخش پایا گیا جسے ضبط کر کے موقع پر تلف کر دیا گیا۔ ملک شاپس مالکان کو اپنے مراکز میں خالص و ملاوٹ سے پاک دودھ کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ علاوہ ازیں پی ایف اے ڈویژنل فوڈ سیفٹی ٹیم نے ڈوب۔ ڈی آئی خان قومی شاہراہ پر قائم اشیاء خورد و نوش کے مراکز کی چیکنگ کی۔ ڈویژنل ڈائریکٹر (ڈوب) خادم حسین کے مطابق قومی شاہراہ پر قائم ہوٹلوں و ریسٹورنٹس کا معائنہ کرنے پر 1 ہوٹل میں صفائی کی صورتحال ابتر، کوکنگ ایریا میں گندگی و مکھیوں کی بھرمار، آٹے و دیگر اشیاء کی غیر صحت بخش حالات میں اسٹوریج، ورکرز کی ذاتی صفائی کی حالت خراب اور چائے کیلئے استعمال کردہ دودھ ملاوٹی پایا گیا جس پر مذکورہ ہوٹل پر جرمانہ عائد، جبکہ 4 دیگر ہوٹلوں کو معمولی نقائص پر اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔

شال بقیہ 23

انتشار پھیلانے کیلئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے جا لاڈ اٹھانے کی وجہ سے لاڈلے کا دماغ خراب ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ مقدس ادارہ ہے اس کی مزید بے حرمتی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کبھی کہتے ہیں استعفے دیئے ہیں کبھی کہتے ہیں استعفے نہیں دیئے یہ تماشا بند کرو، اگر استعفے نہیں دیئے تو ضمنی انتخابات میں حصہ کیوں لے رہے ہو۔

شال بقیہ 24

سیاست داؤ پر لگا کر ریاست کو بچایا، عمران خان نے اپنی ڈیڑھ اینچ کی پارٹی کو بچانے کے لئے ریاست کے خلاف سازش کی، جو کہ آڈیو لیکس سے واضح ہو چکا ہے۔ حافظ حمد اللہ نے عمران خان کو ملکی سیاست کے لئے کینسر کی بیماری قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں قبل از وقت الیکشن کروانے کی ڈکٹیشن مت دیں، الیکشن اگلے سال اکتوبر میں ہی ہوں گے۔ آرمی چیف کی تعیناتی کا اختیار آئین ہے مطابق وقت کے وزیر اعظم کو ہوتا ہے، شہباز شریف ہی آرمی چیف کی تعیناتی کریں گے۔ عمران خان پر اتنے کیسز ہیں تو ان کو کیوں گرفتار نہیں کیا جا سکتا، گرفتار ہوئے تو بلوچستان کی مچھ جیل میں رکھیں گے۔

شال بقیہ 25

کے حل کیلئے سیاسی جماعتوں سے ڈائیلاگ کرنا چاہئے، کیا یہ مستعفی ارکان واقعی پارلیمنٹ میں جا کر عوام کی خدمت کرنا چاہتے ہیں؟ تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی نے گزشتہ روز قومی اسمبلی سے اپنے اراکین کے استعفوں کی منظوری کے سلسلے میں اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کرتے ہوئے استدعا کی تھی کہ عدالت اسپیکر قومی اسمبلی کو ہدایت دے کہ وہ استعفوں کی منظوری سے متعلق اپنی آئینی ذمہ داری پوری کریں۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر اس پٹیشن کے درخواست گزاروں میں ڈاکٹر شیریں مزاری، شاندانہ گلزار، علی محمد خان، فرخ حبیب، فضل محمد خان، شوکت علی، فخر زمان خان، اعجاز شاہ، جمیل احمد محمد اکرم شامل ہیں۔

شال بقیہ 26

ہوئے انہوں نے سابق وزیر اعظم عمران خان پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان نے ساڑھے تین سال میں ملک کا بیڑہ غرق کر دیا ہے، اب کہتا ہے ہم سمجھ گئے ہیں، عمران خان ساڑھے تین سال کا حساب کیوں نہیں دیتے؟۔

شال بقیہ 27

خاتون جج دھمکی سے متعلق کیس کی سماعت کی۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سیشن کورٹ میں پیش ہوئے۔ سماعت کے موقع پر چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل بابر اعوان روسٹرم پر آئے اور درخواست ضمانت سے متعلق عدالت کو بتایا، عدالت نے مختصر سماعت کے بعد عمران خان کی عبوری ضمانت 13 اکتوبر تک منظور کرتے ہوئے 50 ہزار روپے کے مچلکے جمع کروانے کا حکم دیدیا۔

شال بقیہ 28

ہیں۔ سیاسی اور پارٹی مفادات کی ہر قیمت پر ترجیح کا کلچر قانون کو پامال کر رہا ہے۔ عدالتوں کی ساکھ بری طرح متاثر کی جا رہی ہے۔ اسی وجہ سے ملک قدم بقدم انارکی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔ عوام مفاد پرست سیاست اور نااہل حکمران ٹولوں کو مسترد کر دیں۔ جماعت اسلامی آئین، آزاد عدلیہ کے تحفظ اور قانون کی حکمرانی کی جنگ لڑے گی اور جنگ جیتے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی لوٹ مار بدعنوانی نااہلی، غریب عوام مہنگائی بے روزگاری کی وجہ سے غربت کا شکار اور نان شبینہ کا محتاج ہو گیا ہے بلوچستان کی زراعت، کسان و زمیندار بڑے مسائل مشکلات سے دوچار ہیں۔ بجلی، خوردنی اشیاء، پٹرول، زرعی ادویات، بیج، کھاد کی ہوشربا قیمتیں عوام، معیشت، زراعت اور کسانوں کی تباہی کا باعث ہے۔ سیلاب نے بلوچستان کے متاثرہ علاقوں میں زرعی زمینوں اور باغات و مال مویشی تباہ کر دیے ہیں۔ وفاقی اور صوبائی حکومتیں غربت، بے روزگاری بدعنوانی ختم، عدل و انصاف کے قیام، ترقی و خوشحالی، زراعت کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں، عوام متاثرین اور کسانوں سے دھوکے بازی بند کی جائے۔ بلوچستان کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے جماعت اسلامی مظلوم عوام کے حقوق کی ملک گیر منظم توانا آواز ہے۔

شال بقیہ 29

جاں بحق ہو گیا متوفی کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے سول ہسپتال خرما سینٹر کراچی منتقل کر دیا گیا۔

شال بقیہ 30

ہے کیونکہ میں سفر کرتا ہوں، میرا اسلحے کا لائسنس بھی پولیس کے پاس ہے، سیکورٹی کا انتظام حکومت نے نہیں دیا ہوا۔ شہباز گل نے ٹرائل کے معاملے پر وکالت نامہ جمع کرانے کی مہلت مانگ لی۔ عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو میں شہباز گل نے کہا کہ کیس پر ہائیکورٹ کے واضح احکامات ہیں کہ بات نہیں کرنی، میرے کیس میں اپنی مرضی سے باتوں کو رنگ دیا گیا، مجھے آپ زیادہ تر مولانا جج ہی جانتے اور سمجھتے ہیں۔ جیل ریفارمز ضرور ہونی چاہئیں جو سیاستدانوں نے ہی کرنے ہیں، معاون خصوصی۔

شال بقیہ 31

اور پاکستان کے علاوہ وسط ایشیا اور مشرقی وسطیٰ کے دیگر ممالک کے لوگ بھی شامل ہیں۔ پولیس کا کہنا تھا کہ سیریا کے شمال میں دریائے تیما کے قریب کیمپ میں چھاپے کے دوران بھاری مقدار میں نقدی اور ہتھیار برآمد کر کے اسے ضبط کر لیا گیا۔ وزیر داخلہ الیگزینڈر رولن کا کہنا تھا کہ پولیس کئی تارکین وطن کو مہاجرین کے مراکز میں لے گئی اور مزید کارروائی کے لیے دیگر لوگوں کو پراسیکیوٹر دفتر میں لے جایا گیا۔ حکام نے بتایا ہنگری، سیریا اور آسٹریا کے رہنماں کی جانب سے یورپی یونین میں غیر قانونی طور پر آنے والے تارکین وطن کے لیے سخت اقدامات اٹھانے اور سرحدی کنٹرول میں فورسز پر دباؤ کی وجہ سے سیریا پولیس نے یہ کارروائی کی۔

شال بقیہ 32

سمیت 10 افراد موقع پر ہی چل بسے، جاں بحق افراد کا تعلق پنجاب کے علاقے بہاولپور سے بتایا جاتا ہے۔ زخمیوں میں محمد اشرف، عتیق الرحمان، محمد ظفر، جاوید، حسنین، خاتون راجپوت، نورین راجپوت، راشد، محمد طارق، وسیم، ضمیر و بلوچ سمیت دیگر شامل ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق مسافر کوچ نمبر جی ایل ٹی ڈی 1895 کراچی سے پنجاب جا رہی تھی کہ حادثے کا شکار ہو گئی، کوچ اور ٹرک کے دونوں ڈرائیورز بھی جاں بحق ہو گئے، پولیس زخمیوں کو لیس ہسپتال جامشورو منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ لاشیں مالجھنڈ ہسپتال منتقل کر دی گئی ہیں۔

شال بقیہ 33

معاونت قرضوں کی صورت میں نہیں ہونی چاہیے، تباہ کن سیلاب کے بعد مدد کی بھیک نہیں مانگیں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ عالمی برادری کو سیلاب زدگان کے لئے مزید بہتر اور بڑے منصوبے کے ساتھ آگے آنا چاہیے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان کو مون سون کی شدید بارشوں کے بعد بڑے چیلنجز کا سامنا ہے، تباہ کن سیلاب کے باعث ملک کا ایک تہائی حصہ زیر آب آیا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بعض علاقوں میں شدید طوفانی بارشیں ہوئیں، زندگی میں اتنے بڑے پیمانے پر تباہی اور عوام کے مصائب نہیں دیکھے۔ انہوں نے کہا کہ میری عوام اپنے ہی ملک میں ماحولیات سے متاثرہ مہاجرین بن گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کے فنڈز، عطیات اور مدد کے وعدے ناکافی ہیں۔

شال بقیہ 34

کہا کہ اس وقت

تمام مکاتب فکر کے علماء کرام امن وامان کی بہتری کیلئے کوشاں ہیں، عبدالخالق شیخ

آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے اپنی زیر صدارت اجلاس میں 12 ربیع الاول کے سیکورٹی و دیگر انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایات دیں

12 ربیع الاول کے جلوس کی سیکورٹی پلان کو فول پروف بناتے ہوئے جلوس کی مختلف دستوں کے منتظمین اور گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کی سیکورٹی پاسز کا اجرا یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (ش ن) آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے اپنی زیر صدارت اجلاس میں 12 ربیع الاول کے سیکورٹی و دیگر انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایات دیں کہ 12 ربیع الاول کے جلوس کی سیکورٹی پلان کو فول پروف بناتے ہوئے جلوس کی مختلف دستوں کے منتظمین اور گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کی سیکورٹی پاسز کا اجرا یقینی بنایا جائے 12 ربیع الاول کے دن جلوس کی برآمدگی اور اختتام کا مذکورہ وقت اور شرکا کے منتشر ہونے تک کی ہر پہلو پر پلان تیار کرنے کی ضرورت ہے۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈی آئی جی کوئٹہ اظہر مہیسر نے بتایا کہ 12 ربیع الاول کے جلوس اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا اختتام پذیر ہوگا پولیس اور دیگر سیکورٹی اداروں کے جوانوں کے ساتھ ساتھ جلوس کی سی سی ٹی وی کیمرہ بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد خان جمالی سے سابق رکن قومی اسمبلی یعقوب برنجو ملاقات کر رہے ہیں

امن وامان کے قیام میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

جرائم پیشہ عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف آپریشن کیا جائے

منشیات فروشوں اور عادی افراد کے خلاف کارروائی کو وسعت دی جائے، عبدالخالق شیخ

خاران (نمائندہ خصوصی) آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے کہا کہ پولیس فورس کے قربانیوں سے امن وامان بحال ہے عوام کی جان ومال کی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انھوں نے خاران کے دورے کے موقع پر مجموعی صورتحال کے حوالے سے اعلیٰ سطح پر منعقدہ اجلاس کے دوران کیا اس موقع پر ڈی آئی جی رخشان ریج نزیر احمد کرد، ڈپٹی کمانڈنٹ بی بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

پوائنٹ آف سیل ڈیوائس کا نفاذ ناگزیر ہے، شاہد محمود شیخ

کاروباری برادری کو پی او ایس سے منسلک ہونا ہوگا' چیف کمشنر انکم ٹیکس بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) چیف کمشنر انکم ٹیکس بلوچستان شاہد محمود شیخ نے کہا ہے کہ پوائنٹ آف سیل ڈیوائس کا نفاذ ناگزیر ہے، کاروباری برادری کو پی او ایس سے منسلک ہونا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے مختلف شاپنگ مالز، جیولری شاپس کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر کمشنر ایف بی آر رحمت اللہ درانی صراف ایسوسی ایشن کے صدر محمد حسین، جنرل سیکرٹری نعیم رمضان صراف سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ چیف کمشنر انکم ٹیکس نے کہا کہ دنیا میں غیر دستاویزی بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

سیلاب کے بعد اسکولوں کو فعال کرنا انتظامیہ کے لئے ایک کڑا چیلنج ہے' عائشہ زہری

غیر حاضر اساتذہ کی تنخواہوں سے کٹوتی کو یقینی بنایا جائے ، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر حفیظ اللہ کھوسہ عابد علی رند مولا بخش جمالی قمبر چیرنی کے محمد سردار قریشی عطاء اللہ ساسولی بختیار احمد مری سمیت دیگر شریک تھے، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری نے کہا کہ سیلاب کے بعد اسکولوں کو فعال کرنا انتظامیہ کے لئے ایک کڑا چیلنج ہے مگر محکمہ ایجوکیشن کے ساتھ مل کر ضلعی انتظامیہ تمام چیلنجز کا بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

کرغزستان کے سفیر کی قیادت میں وفد کی میئر مقام سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

پاکستان جمہوریہ کرغزستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو مزید نئی سطح پر لے جانے کا خواہاں ہے، مشیر وزیر اعظم

ثقافت اور ورثے سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید بڑھانے کے بے پناہ امکانات ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کرغزستان کے سفیر ایچ ای اولان بیک توتویف قیادت میں کرغیز سفارت خانے کے وفد نے جمعرات کو وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی، عوامی امور اور قومی ورثہ وثقافت انجینئر امیر مقام سے ملاقات کی اور دوطرفہ مفادات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے وزیر اعظم کے مشیر نے کہا کہ پاکستان جمہوریہ کرغزستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو مزید نئی سطح پر لے جانے کا خواہاں ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری قومی ورثہ وثقافت فاریہ منظر، سینئر جوائنٹ سیکرٹری برائے عبدالستار کھوکھر اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران مشترکہ تعاون کی سرگرمیوں، وسطی ایشیائی مشترکہ ثقافتی پہلو اس کو منانے اور فنون وثقافت کے فروغ کے لیے نئی مفاہمت بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

خاران، آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ کا شہید آئی پی عید محمد کے گھر آمد، لواحقین سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

12 اکتوبر کو اسلام آباد میں تاریخی دھرنا دیا جائے گا، حاجی ملک بور محمد بازئی

ملازمین کے مطالبات پر عمل درآمد نہ ہوا تو 13 اکتوبر سے احتجاج کا آغاز تاریخی دھرنے سے کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (ایکا) کے مرکزی سینئر نائب صدر حاجی ملک بور محمد بازئی نے کہا ہے کہ 12 اکتوبر کو اسلام آباد میں تاریخی دھرنا دیا جائے گا کارکن دھرنے کی بھرپور تیاریاں کریں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ملازمین کے مطالبات پر عمل درآمد نہ ہوا تو 13 اکتوبر سے احتجاج کا آغاز تاریخی دھرنے سے کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے تناسب سے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے سفلیہ گرافراد بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

قلات پولیس کی کارروائی، ایک شخص گرفتار اسلحہ برآمد

قلات (این این آئی) قلات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک شخص کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق قلات پولیس نے خفیہ اطلاع ملنے پر کارروائی کرتے ہوئے غلام حیدر ولد لعل بخش سکنہ ڈسٹرکٹ جیل بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی کابینہ سے اگریڈیشن منظور کرایا' معصوم خان شیرانی

ژوب (نامہ نگار) جی ٹی اے آئی ضلع شیرانی ضلعی صدر معصوم خان شیرانی جنرل سیکرٹری عبدالحلیم ارگنائزر مراد خان حریفال چیرمین وطن یار ودیگر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حال ہی میں ہم نے صوبہ بھر کے ہزاروں اساتذہ کی نمائندگی کا حق ادا کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی کابینہ سے اگریڈیشن منظور کرایا۔ ہمارے تنظیم کا ہر ضلع بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

ڈویژنل ڈائریکٹر ژوب ڈویژن کی کارکردگی شاندار اور قابل تحسین ہے' جی ٹی اے ژوب

مفاد پرستوں کی جانب سے ڈائریکٹر کو بلیک میل کرنے کی کوشش کی مذمت کرتے ہیں' فتح خان مندوخیل

ژوب (نامہ نگار) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ژوب کے صدر فتح خان مندوخیل جنرل سیکرٹری مولانا سید مشہود شاہ اخوندزادہ چیئرمین عبداللطیف مندوخیل آرگنائزر رجب خان کاکڑ سفر خان اچکزئی؛ خان محمد ولیوال؛ رئیس احمد؛ ہارون خان؛ عبدالرشید ناصر؛ امان اللہ کبزئی؛ علاؤالدین حریفال؛ ضیاالدین؛ وزیر خان ناصر؛ مولوی محمد قاسم بابر شیخ صابر شاہ مندوخیل اور مولوی عبدالرازق نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ڈویژنل ڈائریکٹریٹ ایجوکیشن بمقام ژوب بننے بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

موسیٰ خیل، ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دستی ڈسٹرکٹ آفیسران کے ماہانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہمارے وطن عزیز کے ہیروں کو بہترین ایوارڈز سے نوازا جائے' میر حیدر فاروق عمرانی

نصیر آباد (نامہ نگار) تمبو کے سماجی وقبائلی رہنما میر حیدر فاروق عمرانی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ طوفانی بارشوں اور سیلابی صورتحال میں دن رات سخت محنت کر کے ڈیرہ مراد جمالی شہر کے لاکھوں انسانوں کی جانوں اور ڈویژن نصیر آباد کے ہیڈ کوارٹر سٹی میں اربوں کے سرکاری املاک کو بچانے والے پاک سیکٹر کمانڈر اور مرد مجاہد بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

اساتذہ کسی بھی قوم وملت کا وہ عظیم سرمایہ ہیں، لعل جان موسیٰ خیل

یوم اساتذہ منانے کا اہم اور بنیادی مقصد معاشرے میں اساتذہ کے عظیم اور کلیدی کردار کو اجاگر کرنا ہے

ژوب (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر محمد رمضان بلال نے کہا ہے، کہ اساتذہ کسی بھی قوم وملت کا وہ عظیم سرمایہ ہیں، جو نسل نو کو سنوارنے اور انہیں نکھارنے میں اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہیں۔ ملک وملت کا روشن مستقبل انہی اساتذہ کے ہاتھوں پوان چڑھ کر ترقی کی منزلیں طے کرتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے گورنمنٹ گرلز سٹی ہائی اسکول میں عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لعل بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

آفیسران ضلع صحت پور کے سیلاب متاثرین کی ہر ممکن مدد کیلئے میدان میں آگئے' جمیل احمد بلوچ

ماچھی پور (نامہ نگار) گورنمنٹ آف بلوچستان، چیف سیکریٹری کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ صحت پور سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے متحرک ڈپٹی کمشنر کیپٹن رٹائیرڈ جمیل احمد بلوچ کی نگرانی میں اسسٹنٹ بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیے کے مطابق کوئٹہ شہر میں برقی لائنوں پر ضروری ترقیاتی کاموں اور مرمت کے سلسلے میں (آج) 07 اکتوبر کو شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے دو فیڈر سے صبح 9 بجے سے ایک بجے دن تک جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے ہزارہ ٹاؤن اور خیر بخش مری فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں سیلاب متاثرین کا کوئی پرسان حال نہیں، ملک عمران کاکڑ

بلوچستان میں سیلاب متاثرین کا کوئی پرسان حال نہیں حکمران اقتدار کی رسہ کشی میں مصروف ہیں

کوئٹہ (این این آئی) ایم کیو ایم بلوچستان کے صدر ملک عمران کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سیلاب متاثرین کا کوئی پرسان حال نہیں حکمران اقتدار کی رسہ کشی میں مصروف ہیں، کمشنر نصیر آباد اور تحصیل دار ڈیرہ مراد جمالی کے رویے کا نوٹس نہ لیا گیا تو بلوچستان اسمبلی کے باہر دھرنا دیں گے، ایم کیو ایم کی طرف سے بلوچستان کے سینکڑوں متاثرین میں ایک امدادی سامان تقسیم کیا گیا ہے جبکہ مزید 2 ہزار خاندانوں میں امدادی سامان تقسیم کیا جائیگا۔ یہ بات انہوں بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

دکی، ڈپٹی کمشنر دکی صاحبزادہ نجیب اللہ سے مائنگی ڈیم ایریا کے متاثرین سے ملاقات کر رہے ہیں

ضلعی انتظامیہ سبی کی جانب سے عید میلاد النبی کے سلسلے میں سیرت کانفرنس کا انعقاد

سبی (ش ن) ضلعی انتظامیہ سبی کی جانب سے عید میلاد النبی کے سلسلے میں سیرت کانفرنس کا انعقاد سرکٹ ہاؤس سبی میں کیا گیا اس کانفرنس میں مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر وحید شریف عمرانی اور اسسٹنٹ کمشنر بختیار اسماعیل تھے جبکہ شرکاء میں الحاج فقیر اللہ جان نقشبندی، سید ریاض حسین شاہ، صوفی سلیمان، ڈی ای او عبدالحمید ابڑو، اس تقریب کے آرگنائزر حاجی سعید الدین بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں حالیہ سیلاب میں سرکاری اسکولوں کو شدید یا جزوی نقصان پہنچا' عبدالرؤف بلوچ

صوبے میں حالیہ سیلاب کی صورتحال میں سرکاری اسکولوں کو شدید یا جزوی نقصان پہنچا ہے، سیکرٹری تعلیم سکولز

انکی بحالی تعمیر ومرمت سمیت ان میں تعلیمی سرگرمیوں کو بحال کرنے میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو مشترکہ اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے

کوئٹہ، (ش ن) سیکرٹری تعلیم سکولز عبدالرؤف بلوچ ایجوکیشن سیکٹر ورکنگ گروپ برائے فلڈ ایمرجنسی رسپانس اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں حالیہ سیلاب کی صورتحال میں سرکاری اسکولوں کو شدید یا جزوی نقصان پہنچا ہے انکی بحالی تعمیر ومرمت سمیت ان میں تعلیمی سرگرمیوں کو بحال کرنے میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو مشترکہ اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری اسکولز عبدالرؤف بلوچ نے صوبے بھر میں سیلاب سے متاثرہ اضلاع کے اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیوں کو ہر صورت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا اور تمام متعلقہ حکام کو اس پر مربوط انداز میں کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور تنبیہ کی کہ ایک ادارے کے کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے پر دوسرا ادارہ بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر چنگیز جمالی، قبائلی وسیاسی رہنماء انجینئر ہادی عسکری کے والد کی وفات پر عسکری ہاؤس میں فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ادویات کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، احسان شاہ

عوام کو انکی دہلیز پر صحت کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبائی وزیر صحت

تمام اضلاع خاص کر سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ادویات کی بروقت ترسیل کو تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر صحت سید احسان شاہ نے کہا ہے کہ عوام کو انکی دہلیز پر صحت کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے جس کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، ادویات کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور تمام اضلاع خاص کر سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ادویات کی بروقت ترسیل کو تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کی شام ایم ایس ڈی کے دورے کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر ایڈیشنل ڈائریکٹر ایم ایس ڈی ڈاکٹر احمد زمان جمالی، صوبائی کوارڈینیٹر ایم این سی ایچ پروگرام ڈاکٹر اسماعیل میروانی، ڈی ایچ او کوئٹہ ڈاکٹر نور بخش بزنجو، ڈائریکٹر ایڈمن ہیلتھ انسٹرونس اتاز بلوچ اسٹاف آفیسر ذاکر علی، فارماسسٹ بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

الصراط پبلک سکول میں عالمی ٹیچرز ڈے کو جوش جزبہ سے منایا گیا

قلات (نامہ نگار) الصراط پبلک سکول میں عالمی ٹیچرز ڈے کو جوش جزبہ سے منایا گیا اس موقع پر طلبہ طالبات نے ٹیبلو ملی نغمے تقاریر کر کے استاد کی عظمت کو بیان کیا گیا ٹیچر کی وقار اور عظمت کو سہراتے ہوئے کہا کہ استاد شعور کی روشنی ہے استاد علم کا سمندر استاد کی عظمت کو چند الفاظ سے نہیں تولا جاسکتا قوموں کی ترقی کی سیڑھی ایجوکیشن ہے جن قوموں نے ترقی کے منازل طے کئے وہ معیاری کی وجہ سے تعلیم سے ہی معاشرے میں تبدیلی آجاتی ہیں دنیا میں تبدیلی اور ترقی بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

حالیہ طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں سے بلوچستان میں بہت زیادہ تباہی ہوئی ہے، سجاد منظور

رخسانہ فاؤنڈیشن نے سیلاب سے متاثرہ سینکڑوں افراد میں راشن تقسیم کیا ہے

فری میڈیکل کیمپ میں لوگوں کو طبی سہولیات اور مفت ادویات فراہم کی گئی ہیں، رخسانہ فاؤنڈیشن

کوئٹہ (این این آئی) چیف آپریٹنگ آفیسر رخسانہ فاؤنڈیشن سجاد منظور نے کہا ہے کہ حالیہ طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں سے بلوچستان میں بہت زیادہ تباہی ہوئی ہے، رخسانہ فاؤنڈیشن نے سیلاب سے متاثرہ سینکڑوں افراد میں راشن تقسیم کیا ہے اور 2 روزہ فری میڈیکل کیمپ میں لوگوں کو طبی سہولیات اور مفت ادویات فراہم کی گئی ہیں، وفاقی اور صوبائی حکومتیں فوری طور پر متاثرین کی دوبارہ آبادکاری اور انہیں وبائی امراض سے محفوظ رکھنے کیلئے اقدامات اٹھائیں تا بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

صحت پور، ڈپٹی کمشنر صحت پور جمیل احمد کی ہدایت پر ندیم احمد بلوچ سیلاب متاثرین میں راشن تقسیم کر رہے ہیں

راجہ امتیاز ابڑو کیخلاف کارروائی کر کے میری رقم مجھے دلوائی جائے

مجھ پر میرے بھائیوں پر من گھڑت اغواء کا کیس ختم کیا جائے، ایاز احمد جمالی

اوستہ محمد (این این آئی) ایاز احمد جمالی نے اپنی رہائش گاہ گوٹھ خیر محمد جمالی میں راجہ امتیاز احمد ابڑو کے خلاف پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ راجہ امتیاز احمد ابڑو کے اوپر میرے لین دین کی رقم ہے میں نے اپنی رقم کی واپسی کا تقاضہ بار بار کیا جسکا فیصلہ بھی ہو چکا ہے، بجائے میری رقم دینے کے انہوں نے میرے اور میرے بھائیوں کے خلاف جھوٹا اور بے بنیاد اغواء کا مقدمہ سٹی پولیس تھانہ میں درج کروایا ہے ہم شریف شہری ہیں اور پر امن ماحول میں اپنا کاروبار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حاجی عبدالخالق جمالی کے ہاں ہمارا ایک جرگہ بھی ہوا تھا جس کا فیصلہ بھی میرے حق بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر

سبیلا پریمیئر لیگ فٹبال چمپئن شپ سیزن تھری کی تیاریاں عروج پر

بیلا (آن لائن) سبیلا پریمیئر لیگ فٹبال چمپئن شپ سیزن تھری کی تیاریاں عروج پر فٹبال کے کھلاڑیوں اور مداحوں میں خوشی کی لہر فٹبال کھیل کے فروغ اور شائقین کو تفریحی فراہم میں ایل پی ایل ثبت اقدام قرار تفصیل کے مطابق سبیلا پریمیئر لیگ فٹبال چمپئن شپ 2022 سیزن تھری کی تیاریاں زور وشور سے بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

ثبت عملی اور تبدیلی کے آغاز میں کچھ مشکلات درپیش آئے ہیں

جس کے مستقبل میں دور رس نتائج اخذ کئے جائیں گے، ڈاکٹر شفیق الرحمان

کوئٹہ (این این آئی) جامعہ بلوچستان کے بورڈ آف ایڈوانس اسٹڈیز اینڈ ریسرچ کا 164 واں اجلاس جامعہ کے کانفرنس ہال میں جامعہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ جس میں جامعہ کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر عین الدین آغا، ڈین فیکلٹیز، سینئر اساتذہ، جامعہ کے رجسٹرار سمیت بورڈ کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں تعلیمی، تحقیقی سرگرمیاں اور جامعہ کے مختلف معاملات زیر غور لائے گئے۔ جس میں اعلیٰ تعلیم، جدید تحقیق کے بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

امیر مولانا عبدالرحمن رفیق جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عاملہ کا اجلاس

بے یوائی کوئٹہ کے زیر اہتمام شہر کے چھ مقامات پر ورکرز تربیتی کنونشنز منعقد کئے جائیں گے، اجلاس میں فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عاملہ کا اجلاس زیر صدارت ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق منعقد ہوا۔ جس میں اہم فیصلے کئے گئے، ان فیصلوں پر عملدرآمد کے لئے بروز جمعرات تمام یونٹوں کا نمائندہ اجلاس زیر صدارت ضلعی نائب امیر مولانا محمد ایوب منعقد ہوا، جس کے مطابق کارکنوں کی تربیت کے حوالے سے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام کوئٹہ کے چھ مقامات پر ورکرز تربیتی کنونشنز منعقد کئے جائیں گے، جمعیت علماء اسلام کی قیادت اور اکابر علماء کرام کارکنوں سے تربیت کے موضوعات پر تفصیلی خطاب کریں گے۔ ان کنونشنز کی انعقاد کے بعد مرکزی اور صوبائی جماعت کی مشاورت سینوبر کے دوسرے عشرے میں پچھلے سال بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

جمعیت علما اسلام ایک وسیع جماعت ہے' مولانا عزیز اللہ حنفی

جماعت کو نقصان پہنچانے پر کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں کی جائے گی

پشین (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع پشین کے ضلعی مجلس عمومی کا اجلاس ضلعی امیر مولوی عزیز اللہ حنفی کی زیر صدارت میں منعقد ہوا، اجلاس میں مجلس عمومی کے اراکین سمیت ممبران صوبائی اسمبلی حاجی اصغر خان ترین اور سید حاجی عزیز اللہ اغا نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں ضلعی جماعت کی فعالیت پر تفصیلی غور وخوض کے علاوہ مختلف فیصلے کئے گئے، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر مولانا عزیز اللہ حنفی نے کہا کہ جمعیت علما اسلام کے تمام اراکین ضلع پشین میں جماعت کی فعالیت کیلئے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔

مشرقی بائی پاس بھوسہ منڈی کے علاقے میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے' حافظ عبداللہ جان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام سلیمان فارمی یوتھ مشرقی بائی پاس کے رہنماؤں نے کہا کہ مشرقی بائی پاس بھوسہ منڈی کے علاقے میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے تمام اضلاع میں حتمی انتخابی فہرستیں 7 اکتوبر سے شائع کر دی جائیں گی، الیکشن کمیشن

پورے ملک کی طرح بلوچستان کے تمام اضلاع میں بھی "حتمی انتخابی فہرستیں" 7 اکتوبر سے شائع کر دی جائیں گی

انتخابی فہرستیں سیکشن 27 آف الیکشنز ایکٹ 2017 کی روشنی میں گھر گھر تصدیقی عمل اور ڈپلیکیٹ سینٹرز کے مرحلوں کے بعد مرتب کی گئی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے زیر انتظام انتخابی فہرستوں کی نظر ثانی کے تمام مراحل کی تکمیل کے بعد پورے ملک کی طرح بلوچستان کے تمام اضلاع میں بھی "حتمی انتخابی فہرستیں" 7 اکتوبر سے شائع کر دی جائیں گی۔ یہ انتخابی فہرستیں سیکشن 27 آف الیکشنز ایکٹ 2017 کی روشنی میں گھر گھر تصدیقی عمل اور ڈپلیکیٹ سینٹرز کے مرحلوں کے بعد مرتب کی گئی ہیں۔ یہاں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ الیکشنز ایکٹ 2017 کی سیکشن 35 کے تحت شائع ہونے ان انتخابی فہرستوں میں اب سیکشن 37 کے تحت دونوں کے نئے اندراجات، تصحیح، تبدیلی یا حذف کا عمل بھی شروع ہو جائے گا لہٰذا عوام الناس سے اپیل ہے کہ وہ اپنے ووٹ کو 8300 پر چیک کریں اور اگر ان کے ووٹ کا اندراج، درستگی یا تبدیلی بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

یونیورسٹی میں غیر قانونی ایکٹنگ چارج ختم کر کے قابل افسران کو تعینات کیا جائے، بی ایس او پجار

یونیورسٹی آف تربت میں پرو وی سی اور رجسٹرار یونیورسٹی میں انتظامیہ بحران اور کرپشن کے ماسٹر مائنڈ ہے

تربت (این این آئی) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن پجار کے مرکزی وائس چیئرمین بوہیر صالح ایڈوکیٹ، صوبائی جنرل عابد عمر بلوچ نے تربت پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے امپوٹنڈ پرو وائس چانسلر اور رجسٹرار کو فل فور عہدوں سے ہٹانے کا مطالبہ کیا اور یونیورسٹی اف تربت کے طلبہ کے ڈیمانڈز کا حمایت کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی میں غیر قانونی ایکٹنگ چارج ختم کر کے قابل افسران کو تعینات کیا جائے، یونیورسٹی کے پرو وی سی کو واپس بلوچستان یونیورسٹی بھیج کر تربت یونیورسٹی کے سنیئر پروفیسرز کا شارٹ لسٹنگ کا عمل دوبارہ کیا جائے اور نئے بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

کسی بھی ملک وقوم کی ترقی تعلیم یافتہ نوجوان کی صلاحیتوں سے ممکن ہوتی ہے

جدید چیلنجز سے نمٹنے کیلئے ہمیں نئی نسل کو تعلیم یافتہ بنانا ہوگا' اختر اچکزئی

سبی (آن لائن) کسی بھی ملک وقوم کی ترقی تعلیم یافتہ نوجوان کی صلاحیتوں سے ممکن ہوتی ہے جدید چیلنجز سے نمٹنے کیلئے ہمیں نئی نسل کو تعلیم یافتہ بنانا ہوگا ان خیالات کا اظہار ایس پی زیارت اختر اچکزئی نے گورنمنٹ بوائیز ڈگری کالج زیارت کے دورے کے موقع پر پروفیسرز لیکچررز اور طلبا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پروفیسر نقیب اللہ، لیکچرر عبداللہ، لیکچرر سورگل، لیکچرر نسیم افغان، سیکورٹی انچارج صلاح الدین یاسین زئی، کے علاوہ دیگر بھی موجود تھے اس موقع پر بوائز ڈگری کالج زیارت کے پروفیسر نقیب اللہ نے ایس پی زیارت کو بتایا کہ کالج میں فرسٹ ٹائم طلبا کو اور سیکنڈ ٹائم طالبات کو معیاری تعلیم کے مواقع مہیا کر رہے ہیں اور مستقبل میں کالج بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

وڈیچی قبیلے کے دو گروہوں کے درمیان قتل کے تنازعے کا تصفیہ ہو گیا

دکی (آن لائن) وڈیچی قبیلے کے دو گروہوں کے درمیان قتل کے تنازعے کا تصفیہ ہو گیا۔ اس سلسلے میں ایک قبائلی جرگہ لونی کھلاتے سے امان اللہ وڈیچی کی جانب سے سابق صوبائی وزیر عبدالرحیم زیارتوال کی سربراہی میں ہرنائی کے علاقے میں ملک حیات ترین اور غفار عرف غفارہ کے گھر گیا۔ قبائلی جرگے میں سردار اکبر ترین، فاروق لونی اور دیگر قبائلی عمائدین اور علما کرام شامل تھے۔ جبکہ ملک حیات وڈیچی کی جانب سے قبائلی جرگے میں جمعیت علما اسلام کے صوبائی رہنما وسردار بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی سمیت دیگر کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) سینئر سیاست دان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی، نوابزادہ میر رئیس رئیسانی، سابق وفاقی وزیر میر ہمایوں عزیز کرد، ارباب رب نواز کاسی، ظفر صدیق، قاری اختر شاہ کھرل، شعیب رئیسانی، حاجی رحیم ترین، ارباب میر وائس کاسی، عابد ہنگوئی، بھکیدار نیاز ہنگوئی، میر طارق رئیسانی، دین محمد رئیسانی، قاضی یاسر، نصر اللہ کاکڑ، ملک مصطفیٰ کاکڑ، علاؤالدین کاکڑ، دین محمد رئیسانی، حاجی اشرف ہنگوئی، عباس لہڑی، ماسٹر مولا بخش، بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

صوبائی حکومت نے بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگانے کے لئے موثر اقدامات کیے ہیں

حفاظتی ٹیکوں سے